Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | بدھ، 9 ستمبر 2026ء، 26 ربیع الاول 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 141

پنجاب کے شعبہ صحت کی بہتری کے لئے پاک چین تعاون اور ہیلتھ انشورنس ماڈل پر اتفاق

چین پاکستان مشترکہ نیورو سرجری مرکز پاکستانی ڈاکٹرز کی تربیت اور تحقیق کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گا، چینی تجربات، جدید ٹیکنالوجی اور عالمی ماہرین سے پنجاب کے ہیلتھ سیکٹر کو فائدہ ہوگا

وزیر اعلیٰ کی قیادت میں پنجاب کے ہیلتھ سیکٹر کو عالمی معیار کے مطابق ڈھالا جا رہا ہے اور چین کے ساتھ طبی تربیت، تحقیق اور جدید علاج میں تعاون بڑھایا جا رہا ہے، وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری

صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال سہیل شوکت بٹ، اہم محکمانہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب کے شعبہ صحت کو عالمی معیار سے ہم آہنگ کیا جا رہا ہے، جبکہ چین کے ساتھ صحت، ہیلتھ انشورنس، طبی تربیت، تحقیق اور جدید علاج کے شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ ہان یونیورسٹی، تائی پنگ ہیلتھ اور دیگر معروف چینی اداروں کے (بقیہ نمبر 5)

ستھرا پنجاب، مثالی گاؤں منصوبوں کی کارکردگی جانچنے کیلئے سروے کا فیصلہ

صفائی کے معیار اور زمینی صورتحال کی خفیہ مانیٹرنگ کا دائرہ وسیع کیا جائے گا

سرکاری وسائل کے غلط استعمال پر زیرو ٹالرنس پالیسی، روزانہ ڈیجیٹل مانیٹرنگ بھی شروع

لاہور (این این آئی) ستھرا پنجاب پروگرام اور مثالی گاؤں منصوبوں کی کارکردگی جانچنے کیلئے خفیہ سروے کرانے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق طے شدہ اہداف پر عملدرآمد اور منصوبوں کی زمینی صورتحال جانچنے کیلئے خفیہ مانیٹرنگ کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے (بقیہ نمبر 15)

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کا میو ہسپتال کا اچانک دورہ

ہسپتال کے او پی ڈی ایریا، ای این ٹی وارڈ اور اس کے پرچی کاؤنٹرز کا معائنہ کیا

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے میو ہسپتال کا اچانک دورہ کیا۔ خواجہ سلمان رفیق نے ہسپتال کے او پی ڈی ایریا کے کچھ وارڈز کو چیک کیا۔ صوبائی وزیر نے ای این ٹی وارڈ اور اس کے پرچی کاؤنٹرز کا معائنہ (بقیہ نمبر 18)

ایس ایم ای برآمد کنندگان کیلئے نئی انشورنس اسکیم متعارف

نئی اسکیم سے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کی برآمدی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا، حکام

کراچی (این این آئی) پاکستان کے برآمدی شعبے میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، پاک ایگزم اور ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ نے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (ایس ایم ایز) کے برآمد کنندگان کے (بقیہ نمبر 17)

اڈیالہ جیل کے اطراف نیا سکیورٹی پلان تاحکم ثانی نافذ

اڈیالہ جیل کے گرد و نواح میں 8 اہم مقامات پر پولیس ناکے لگائے جائیں گے، نگرانی ایس پی صدر اور ڈی ایس پی صدر کریں گے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی اڈیالہ جیل کے اطراف کی سکیورٹی مزید سخت اور نیا سکیورٹی پلان تاحکم ثانی نافذ کر دیا گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق اڈیالہ جیل کے گرد و نواح میں 8 اہم مقامات پر پولیس ناکے لگائے (بقیہ نمبر 16)

سینیٹ آف پاکستان کی موبائل ایپلی کیشن کا اجراء

سینیٹ آف پاکستان نے ڈیجیٹلائزیشن کی جانب قدم بڑھاتے ہوئے اپنی مخصوص موبائل ایپلی کیشن کا اجراء کیا ہے، جس کی تقریب رونمائی کے مہمانِ خصوصی قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی تھے

وفاقی وزیر آئی ٹی شزا فاطمہ خواجہ نے اس اقدام کو جدید، شفاف اور ٹیکنالوجی پر مبنی طرزِ حکمرانی کے عزم کا مظہر قرار دیتے ہوئے وزارت کی جانب سے تکنیکی تعاون کا اعادہ کیا

یہ ایپلی کیشن سینیٹرز کو اسمارٹ فونز پر ایجنڈا، قانون سازی کے بلز، قراردادیں، کمیٹی رپورٹس اور دیگر دستاویزات تک براہِ راست اور فوری رسائی فراہم کرے گی

اس ایپ کے نفاذ سے کاغذی کارروائی پر انحصار ختم ہو جائے گا، جس سے نہ صرف وقت کی بچت ہوگی بلکہ قانون سازی کا عمل مزید مؤثر اور جوابدہ بنے گا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سینیٹ آف پاکستان نے اپنے قانون سازی کے امور کو ڈیجیٹل بنانے کے لیے ایک مخصوص موبائل ایپلی کیشن کا اجراء کر دیا ہے، جو ملک میں ٹیکنالوجی سے لیس اور پیپر لیس (کاغذ سے پاک) پارلیمان کے قیام کی کوششوں میں ایک اہم سنگِ میل ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقدہ تقریب رونمائی کے مہمانِ خصوصی قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی تھے۔ تقریب میں وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزا فاطمہ خواجہ نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر برائے آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن شزا فاطمہ خواجہ نے اس پہل کو پاکستان کے "ڈیجیٹل نیشن" ایجنڈے کی جانب ایک اہم پیش (بقیہ نمبر 4)

پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقدہ سینیٹ آف پاکستان کی موبائل ایپلی کیشن کی تقریب رونمائی کے مہمانِ خصوصی قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی کا گروپ فوٹو

(کیس) لاہور میں "پاک فضائیہ کا ورثہ: 1965 کے جذبے سے معرکۂ حق تک" کے عنوان سے ایک نشست کا انعقاد

یومِ فضائیہ کے موقع پر کیس لاہور میں تقریب کا انعقاد

تقریب کے مقرر ایئر کموڈور خالد فاروق چشتی (ریٹائرڈ) نے ایئر مارشل اصغر خان کی ادارہ سازی

ایئر مارشل نور خان کی 1965 کی جنگ میں قائدانہ حکمت عملی، اور ایئر مارشل عبدالرحیم خان کی 1971 کے معرکے میں پختہ عزم کا ذکر کیا

پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی قیادت میں روایتی جنگی تصورات میں خلل ڈالنے والی جدید قوت بن چکی ہے

آرمی چیف اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر کی زیرِ نگرانی تینوں مسلح افواج کے مابین بہترین عملی ہم آہنگی قائم ہوئی

ایئر مارشل عاصم سلیمان (ریٹائرڈ) نے جے ایف-17 کی مقامی تیاری، جوہری اثاثوں کے تحفظ اور ڈیٹرنس جیسی "خاموش جنگوں" کی اہمیت بیان کی

کیس لاہور میں منعقدہ سیمینار کے موقع پر شرکاء کا گروپ فوٹو

لاہور (این ای این) سنٹر فار ایروسپیس اینڈ سکیورٹی سٹڈیز (کیس) لاہور نے 7 ستمبر 2026 کو یومِ فضائیہ کے موقع پر پاک فضائیہ کا ورثہ: 1965 کے جذبے سے معرکۂ حق تک کے عنوان سے ایک تقریب کا انعقاد کیا۔ ایک آزاد تھنک ٹینک کے طور پر، کیس لاہور قومی سلامتی کے وسیع تر تناظر میں دلچسپی رکھنے والے اہلِ علم اور ماہرین کے لیے علمی نشستوں کا اہتمام کرتا ہے۔ اس تقریب میں پاک فضائیہ کے جنگی ہیروز، حاضر اور ریٹائرڈ حکام، (بقیہ نمبر 6)

27 ستمبر احتجاج کیس، اسلام آباد ہائیکورٹ کا لارجر بینچ بنانے کا فیصلہ

چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ نے شہری وقاص احمد کی درخواست پر سماعت کی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے پاکستان تحریک انصاف کے 27 ستمبر کو متوقع احتجاج اور لانگ مارچ کے خلاف دائر درخواست پر اہم پیش رفت کرتے ہوئے معاملے کی حساسیت کے پیش نظر لارجر بینچ تشکیل دینے کا فیصلہ کر لیا۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ جسٹس سرفراز ڈوگر نے شہری وقاص احمد کی درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت درخواست گزار کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ وہ اسلام آباد میں (بقیہ نمبر 20)

لاہور ہائیکورٹ نے حماد اظہر کی بازیابی کی درخواست نمٹا دی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی رہنما و سابق وفاقی وزیر حماد اظہر کی بازیابی کے لیے دائر درخواست نمٹا دی۔ دوران سماعت اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل فرخ لودھی عدالت پیش ہوئے۔ سرکاری وکیل (بقیہ نمبر 19)

مریم نواز شریف کا تمام قابل قدر اور اساتذہ کرام کو سلام

پنجاب میں نوجوان نسل کی ڈیجیٹل خواندگی پر خصوصی توجہ دے کر دورِ حاضر کے تقاضوں کو نبھانے کیلئے کوشاں ہیں: مریم نواز شریف

خواندگی کے فروغ کے اہداف پورا کرنے کیلئے معاشرے کے ہر فرد کو بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا، وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا خواندگی کے عالمی دن پر پیغام

لاہور (افضال احمد خان) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے خواندگی کے عالمی دن پر تمام قابل قدر اساتذہ کرام کو سلام پیش کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے علم کی جستجو رکھنے والے ہر نوجوان اور درس و تدریس کے لئے کارفرما ہر شخص کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ جاننے اور سیکھنے کی لگن اور جستجو ہمارے عقائد کا حصہ ہے۔ (بقیہ نمبر 13)

صوبائی وزیر لیبر محمد منشاء اللہ بٹ کی نگرانی میں کمرشل سوشل سکیورٹی ذوالفقار علی کھرل، ڈی جی نادرا پنجاب فضہ شاہد اور ڈائریکٹر جنرل لوکل گورنمنٹ بینش فاطمہ معاہدے پر دستخط کر رہے ہیں

لیسکو میں بائی ڈائریکشنل میٹرز کی قلت، سولر کنکشنز کا اجراء روک دیا گیا

گرین میٹرز کا محدود اسٹاک، نئے کنکشنز اور خراب میٹرز کی تبدیلی کا عمل بھی متاثر

لاہور (این این آئی) لیسکو میں سولر سسٹم کنکشنز کے لیے استعمال ہونے والے بائی ڈائریکشنل میٹرز کی قلت پیدا ہو گئی، جس کے باعث میٹرز کا اجراء روک دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق لیسکو میں بائی ڈائریکشنل گرین میٹرز کا محدود اسٹاک ہونے کے باعث نئے میٹرز (بقیہ نمبر 31)

محکمہ لٹریسی پنجاب کے زیر اہتمام نمایاں کارکردگی والے اساتذہ میں تعریفی اسناد تقسیم کی جا رہی ہیں

مری میں ڈسٹرکٹ ریزولوشن کمیٹی کا اجلاس

عوامی تنازعات کے پرامن حل کی ہدایت

ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی زیر صدارت ڈی سی آفس میں ڈسٹرکٹ ریزولوشن کمیٹی (DRC) کا اجلاس منعقد ہوا

اجلاس میں عدالتی بوجھ کم کرنے اور پرامن مصالحت کو یقینی بنانے کے لیے شفافیت اور غیر جانبداری کی ہدایات دی گئیں

مری (نمائندہ عوامی للکار) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی زیر صدارت ڈی سی آفس میں ڈسٹرکٹ ریزولوشن کمیٹی (DRC) کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلع میں تنازعات کے پرامن حل، عوامی شکایات کے بروقت ازالے اور مصالحتی کارروائیوں کو مزید مؤثر بنانے کے امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر مری کیپٹن (ر) ارشد اقبال، ایڈیشنل ای اسی، ایس ڈی (بقیہ نمبر 12)

ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی ڈسٹرکٹ ریزولوشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

قوم کو پاک بحریہ کی پیشہ ورانہ مہارت، آپریشنل تیاری اور ملکی بحری مفادات کے تحفظ کیلئے خدمات پر فخر ہے، وزیر اعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ قوم کو پاک بحریہ کی پیشہ ورانہ مہارت، آپریشنل تیاریوں، سمندروں کے تحفظ اور پاکستان کے بحری مفادات کو آگے بڑھانے میں ثابت قدمی کے ساتھ خدمات کی انجام دہی پر فخر ہے۔ منگل کو سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر اپنی (بقیہ نمبر 23)

دورانِ ڈکیتی 2 شہریوں کا قتل، مجرم لاہور ہائیکورٹ سے بری

ٹرائل میں پوسٹ مارٹم کرنے والے ڈاکٹر کو پیش نہیں کیا گیا، وکیل کے دلائل

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے ڈکیتی کے دوران 2 شہریوں کو قتل کرنے والے سزائے موت کے مجرم نواز عرف بھالی کی اپیل منظور کرتے ہوئے اسے بری کر دیا۔ جسٹس شہرام سرور چوہدری کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے مجرم کی سزائے موت کے (بقیہ نمبر 30)

ملک اسد اکرم کھچیلا ایڈووکیٹ — فیسکو اور OGDCL کے لیگل ایڈوائزر مقرر

حکومتِ پاکستان نے ملک اسد اکرم کھچیلا ایڈووکیٹ کو تین سال کی مدت کیلئے فیسکو اور OGDCL کا باضابطہ لیگل ایڈوائزر مقرر کر دیا ہے

اس منصب پر نامزدگی پر انہوں نے وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ اور پارٹی قیادت کا شکریہ ادا کیا جبکہ وکلاء اور کارکنان نے انہیں مبارکباد پیش کی

سرگودھا (طارق قاسمی سے) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما اور سرگودھا کے معروف قانون دان ملک اسد اکرم کھچیلا ایڈووکیٹ کو حکومتِ پاکستان کی جانب سے فیسکو (FESCO) اور آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ (بقیہ نمبر 7)

گڈز ٹرانسپورٹرز کا کرایوں میں 5 فیصد اضافے کا اعلان

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ تبدیلی کا فیصلہ ناقابلِ قبول ہے، گڈز ٹرانسپورٹرز

کراچی (آئی آئی پی) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے بعد گڈز ٹرانسپورٹرز نے کرایوں میں 5 فیصد اضافے کا اعلان کر دیا۔ صدر گڈز ٹرانسپورٹرز ملک (بقیہ نمبر 21)

وزیر اعلیٰ کا پاک بحریہ کے افسران اور جوانوں کو خراجِ تحسین

پاکستان نیوی نے ہر موقع پر اپنی شاندار پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کر کے دشمن پر اپنی برتری ثابت کی، مریم نواز

جدید آبدوزوں، کروز اور بیلسٹک میزائلوں سمیت جدید ترین بحری اثاثے پاک بحریہ کو دنیا بھر میں نمایاں مقام دلاتے ہیں

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے یومِ بحریہ کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں سمندری حدود کے دفاع اور ملکی سلامتی کیلئے خدمات انجام دینے والے پاک بحریہ کے افسران اور جوانوں کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ مریم نواز شریف نے پاک بحریہ کے شہداء اور غازیوں کو بھی خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان نیوی نے ہر موقع پر اپنی شاندار پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کر کے دشمن پر اپنی برتری ثابت کی۔ ان کا کہنا تھا کہ 8 ستمبر کو پاک بحریہ نے تاریخی آپریشن میں کامیابی حاصل کر کے دشمن پر اپنی برتری کی دھاک بٹھا دی، بحریہ ہند میں پاک بحریہ کی آبدوز غازی نے بحری جنگ میں شاندار تاریخ رقم کی۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 22)

پاکستان عوامی قوت پارٹی میں کرسچن کمیونٹی کی شمولیت

عام آدمی کی حالت بدلنا اور بغیر حکومت بھی صحت اور روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہمارا مقصد ہے، خاقان وحید خواجہ

کرسچن کمیونٹی کے اہم عہدے داروں، انجیلا عارف اور عارف جیمز کا ساتھیوں سمیت پاکستان عوامی قوت پارٹی میں شمولیت کا اعلان

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل و راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے کہا ہے کہ عام آدمی کی حالت بدلنے کے لیے ہم سیاست کے میدان میں اترے ہیں اور بغیر حکومت کے ہم عوام کو صحت۔ ای کامرس اور روزگار کے مواقع فراہم کر رہے ہیں انہوں نے یہ بات کرسچن کمیونٹی کے اہم عہدے داروں انجیلا عارف اور عارف جیمز سمیت ان کے دیگر ساتھیوں کی پاکستان عوامی قوت پارٹی میں شمولیت کے موقع پر منعقدہ ایک تقریب میں کہی۔ اس (بقیہ نمبر 8)

کرسچین کمیونٹی کے عہدے داروں کی پاکستان عوامی قوت پارٹی میں شمولیت کے موقع پر پارٹی چیئرمین خاقان وحید خواجہ کے ہمراہ گروپ فوٹو

دھی رانی پروگرام، رواں سال 5 ہزار اجتماعی شادیوں کا ہدف

درخواستوں کی شفاف تصدیق، مستحقین کے میرٹ پر انتخاب کو یقینی بنانے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ کی زیر صدارت محکمہ سوشل ویلفیئر کا اہم اجلاس ہوا، جس میں ڈی جی سوشل ویلفیئر ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں دھی رانی، ہمت کارڈ، اسٹیپو (بقیہ نمبر 24)

بسنت انتظامات کو حتمی شکل دینے کیلئے اہم اجلاس کل طلب

لائسنس کے اجراء سمیت ڈور و پتنگ کی ترسیل، اور سکیورٹی امور کا جائزہ لیا جائیگا

لاہور (این این آئی) بسنت کے انتظامات کو حتمی شکل دینے کے لئے اہم اجلاس کل (بروز جمعرات) کو طلب کر لیا گیا۔ اجلاس میں پتنگ مینوفیکچررز کے بعد کائٹ ٹریڈرز اور ریٹیلرز کے لائسنس کے اجراء سمیت دیگر انتظامی امور پر مشاورت کی جائے (بقیہ نمبر 25)

ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

ڈاکوؤں کی فائرنگ سے 8 بہنوں کا بھائی جاں بحق

روشم میٹرک کا طالب علم اور پوزیشن ہولڈر تھا، مقتول کی لاش ہسپتال منتقل

کراچی (آئی آئی پی) شہر قائد کے علاقے منگھو پیر مہران سوسائٹی میں گھر میں ڈاکوں نے فائرنگ کر کے 8 بہنوں کے اکلوتے بھائی 15 سالہ نوجوان کو قتل کر دیا۔ منگھو پیر قبرستان کے قریب ڈاکوں کی فائرنگ سے آٹھ بہنوں کا اکلوتا بھائی قتل ہو گیا، جس کی (بقیہ نمبر 26)

خاتون فضائی میزبان سمیرا آفتاب کو شوکاز نوٹس جاری

فضائی میزبان کا سمگلنگ کے الزام میں ملازمت سے برخاستگی کا امکان

کراچی (آئی آئی پی) پی آئی اے کی فضائی میزبان سمیرا آفتاب کی جانب سے ٹورنٹو سے کراچی آنے والی پرواز میں مبینہ طور پر موبائل فون سمگلنگ کے معاملے میں تحقیقات میں اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ پی آئی اے انتظامیہ نے خاتون فضائی میزبان (بقیہ نمبر 27)

ہمدرد فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام نونہال سیرت کانفرنس کا انعقاد

ہمدرد مرکز راولپنڈی میں "سیرت النبیؐ کی روشنی میں محبت، اخلاق اور عفو و درگزر" کے عنوان سے پروقار نونہال سیرت کانفرنس منعقد ہوئی

آپؐ کی سیرت تمام شعبہ ہائے زندگی کے لیے بہترین نمونہ ہے، نوجوان اسوۂ حسنہ کو اپنا شعار بنائیں، قومی صدر ہمدرد نونہال اسمبلی محترمہ سعدیہ راشد

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) جشن میلاد النبی ﷺ کی مناسبت سے ماہ ربیع الاوّل میں ہمدرد فاؤنڈیشن پاکستان کی جانب سے ملک بھر کے ہمدرد مراکز میں نونہال سیرت کانفرنس کی خصوصی تقریبات کا انعقاد کیا جا رہا ہے اس سلسلہ میں ہمدرد مرکز راولپنڈی میں عقیدت و احترام سے بھری ایک پر وقار ہمدرد نونہال سیرت کانفرنس منعقد کی گئی جس میں راولپنڈی/ اسلام آباد کے اسکولوں (بقیہ نمبر 10)

وزیر تعلیم سندھ کا سکولوں کے اوقات میں کمی کا اعلان

لاکھوں بچوں کو کمیونٹی بیسڈ مراکز کے ذریعے تعلیم دی جا رہی ہے، سردار شاہ

کراچی (آئی آئی پی) وزیر تعلیم سندھ سردار شاہ نے اسکولوں کے اوقات میں ایک گھنٹے کی کمی کا اعلان کر دیا۔ یہ اعلان انہوں نے اپنے آفیشل فیس بک اکاؤنٹ پر ایک پوسٹ کے ذریعے کیا ہے۔ دوسری جانب کراچی میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سردار شاہ نے کہا کہ ہم کوئی یکساں پالیسی بنانے میں ناکام رہے ہیں، جتنے بچے آٹ آف سکول ہیں یہ ایک بڑا چیلنج ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب کے باعث 20 ہزار اسکولوں کی دیواروں (بقیہ نمبر 28)

ٹریفک قوانین کی پاسداری کرنے والے شہریوں میں پودے تقسیم

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد پولیس سید علی ناصر رضوی کی ہدایت پر چیف ٹریفک آفیسر کائنات اظہر خان نے ٹریفک قوانین کی پاسداری کرنے والے شہریوں میں پودے تقسیم کیے۔ ترجمان اسلام آباد پولیس کے مطابق اس موقع پر چیف (بقیہ نمبر 29)

پاکستان پوسٹ کی شہری ڈاک بھیجنے اور وصول کرنے سے محروم

ایوننگ شفٹ بند

ضروری ڈاک کی بروقت ترسیل پر سوالیہ نشان، ایوننگ شفٹ بند ہونے سے شہری مشکلات کا شکار

عوام کا حکومت پاکستان سے نوٹس لینے اور ایوننگ شفٹ فوری بحال کرنے کا مطالبہ

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان پوسٹ آفس کی جانب سے ایوننگ شفٹ ختم کیے جانے کے باعث شہریوں کو ڈاک بھیجنے اور موصول کرنے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ شام کے اوقات میں پوسٹ آفس کی سہولت دستیاب نہ ہونے کے باعث ملازمت پیشہ اور دیگر مصروف شہری اپنی ضروری ڈاک بروقت ارسال نہیں کر پا رہے، جبکہ دوسری جانب ڈاک کی ترسیل میں تاخیر کے باعث اہم مراسلات بھی بروقت موصول نہ ہونے کی شکایات سامنے آ رہی ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے (بقیہ نمبر 9)

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوام کی بے ساختہ للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ہسپتال ویسٹ ری سائیکلنگ

ہسپتالوں کے پلاسٹک کچرے کی ری سائیکلنگ اور اس سے انسانی ضرورت کی اشیا کی تیاری کی شکایات کے باوجود اس گھناؤنے دھندے کی روک تھام کیلئے مؤثر اقدامات نہ ہونا باعث تشویش ہے۔ ایک خبر کے مطابق صوبہ سندھ کے تمام سرکاری ہسپتالوں سے نکلنے والے طبی فضلے کو صرف 5 ٹریٹنگ ہسپتالوں میں سائنسی بنیادوں پر تلف کیا جاتا ہے۔ یہ صورتحال کئی سوال پیدا کرتی ہے۔ بنیادی بات یہ ہے کہ صوبائی حکومتیں یہ جاننے کے باوجود کہ ہسپتالوں کا کچرا انسانی صحت کیلئے نہایت خطرناک ثابت ہوسکتا ہے' اس کچرے کو ٹھکانے لگانے کے مشینی انتظامات میں ناکام کیوں ہیں۔

جب ہسپتالوں میں ایسی سہولتیں نہیں ہوں گی اور پلاسٹک کا یہ کچرا مناسب طریقے سے تلف نہیں ہوگا تو یہ اندیشہ موجود ہے کہ یہ ان کچرا فروشوں کے ہاتھوں میں پہنچ جائے گا جو اس میں سے پلاسٹک کے اجزا کو الگ کرکے وہ پلاسٹک ری سائیکل کرنے کیلئے فیکٹریوں میں بھیجیں گے۔ یہ عمل نہ صرف ماحولیاتی اعتبار سے بلکہ طبی اعتبار سے بھی نہایت خطرناک ہے۔ حکومتوں کو چاہیے کہ اس معاملے میں خصوصی انتظامات کریں اور ہسپتالوں کے پلاسٹک کی تلفی کے مناسب بندوبست یقینی بنائیں اور ہر ممکن طریقے سے اس پلاسٹک کی ری سائیکلنگ اور اس سے انسانی ضرورت کی اشیا تیار کرنے کیلئے اس کے استعمال کی روک تھام یقینی بنائیں۔

ایک بیٹی، ایک ماں مریم نواز جیل کی سلاخوں سے اقتدار تک کا سفر

تحریر: علی شیر

پاکستانی سیاست میں اقتدار تک پہنچنے کی کہانیاں بہت ہیں، مگر ہر کہانی ایک جیسی نہیں ہوتی۔ کچھ لوگ اقتدار کے دروازے تک سیاسی وراثت کے سہارے پہنچتے ہیں، کچھ انتخابی کامیابی کے ذریعے، اور کچھ ایسے بھی ہوتے ہیں جو وراثت کے باوجود اپنی سیاسی شناخت بنانے کے لیے ایک طویل اور کٹھن راستے سے گزرتے ہیں۔ مریم نواز شریف کی کہانی بھی اسی تیسرے زاویے سے دیکھی جانی چاہیے۔ وہ سابق وزیراعظم نواز شریف کی بیٹی ضرور ہیں، شریف خاندان کی سیاسی وارث بھی سمجھی جاتی رہی ہیں، مگر پنجاب کی وزارتِ اعلیٰ تک ان کا سفر محض ایک خاندانی نسبت کا نتیجہ قرار دینا ان کی سیاسی جدوجہد کے کئی اہم ابواب کو نظرانداز کرنے کے مترادف ہوگا۔ 2017 کے بعد مریم نواز نے جس شدت سے عملی سیاست میں قدم رکھا، پھر 2018 میں سزا، گرفتاری اور اڈیالہ جیل کا سامنا کیا، والد کے ساتھ سیاسی مشکلات برداشت کیں اور بعد ازاں اپوزیشن سیاست میں ایک جارحانہ آواز کے طور پر سامنے آئیں، اس نے ان کی سیاسی شناخت کو نئی شکل دی۔ 2018 میں انہیں ایون فیلڈ ریفرنس میں سات سال قید کی سزا سنائی گئی اور پاکستان واپسی پر انہیں گرفتار کرکے اڈیالہ جیل منتقل کیا گیا۔ قید تنہائی سے لیکر مختلف تکالیف سہنے کے بعد اسلام آباد ہائی کورٹ نے سزا معطل کرکے انہیں ضمانت پر رہا کیا۔ پھر 2019 میں وہ دوبارہ گرفتار ہوئیں، یہ وہ مرحلہ تھا جہاں مریم نواز شریف صرف نواز شریف کی بیٹی نہیں رہیں۔ وہ خود ایک سیاسی کردار بن گئیں۔ مریم نواز کی سیاست کا سب سے اہم موڑ جیل کی کال کوٹھری تھا جہاں انہیں یہ احساس ہوا کہ سیاست صرف جلسوں کے اسٹیج، نعروں اور انتخابی مہم کا نام نہیں۔ سیاست کبھی کبھی جیل کی ایک چھوٹی سی کوٹھڑی بھی ہوتی ہے۔ اور کبھی وہی کوٹھڑی ایک سیاسی رہنما کی شخصیت کو نئے سرے سے تشکیل دیتی ہے۔ اور یہاں سے ان کا نیا سیاسی سفر شروع ہوا جسے ہم مزاحمتی سیاست کہہ سکتے ہیں مریم نواز نے 2018 کے بعد تن تنہا جس سیاسی جارحیت کے ساتھ مسلم لیگ ن کا بیانیہ آگے بڑھایا، اس نے انہیں پارٹی کی اہم ترین آوازوں میں شامل کر دیا۔ 2019 میں نواز شریف کے لندن جانے کے بعد مریم نواز نے ملک گیر مہم کی قیادت کی اور عمران خان حکومت، اسٹیبلیشمنٹ اور عدلیہ کے خلاف اپنی جماعت کا سخت سیاسی مقف پیش کیا یہاں سے ان کی سیاست میں ایک نمایاں مزاحمتی پہلو پیدا ہوا۔ وہ سوال اٹھاتی رہیں۔ وہ جلسوں میں گرجتی رہیں۔ وہ اپنے والد کے سیاسی مقدمے کو اپنا مقدمہ بناتی رہیں۔ اور مخالفین کی شدید تنقید کے باوجود سیاسی میدان سے پیچھے نہیں ہٹیں۔ اسی مزاحمتی جدوجہد ہی کی بنیاد پر پھر ایک دن پنجاب نے تاریخ بدل دی 26 فروری 2024۔ یہ صرف ایک تاریخ نہیں تھی۔ یہ پاکستان کی سیاسی تاریخ میں ایک نیا باب تھا۔ مریم نواز شریف پنجاب کی پہلی خاتون وزیراعلیٰ منتخب ہوئیں۔ 371 رکنی ایوان میں انہیں 220 ووٹ ملے اور انہوں نے پنجاب کی وزارتِ اعلیٰ سنبھال کر اس عہدے پر فائز ہونے والی پاکستان کی پہلی خاتون ہونے کا اعزاز حاصل کیا۔ یہ وہ لمحہ تھا جب ایک ایسی لڑکی، جس کے بارے میں کبھی سوال اٹھایا جاتا تھا کہ وہ سیاست کے اس سخت اور خالصتاً مردانہ میدان میں کہاں تک جا سکے گی، وہ پنجاب کے بارہ کروڑ سے زائد لوگوں کی ذمہ دار بن چکی تھی۔ وزارتِ اعلیٰ سنبھالتے ہی ایک اہم سیاسی اعلان کیا: "میں صرف مسلم لیگ ن کی وزیراعلیٰ نہیں، پنجاب کے ساڑھے بارہ کروڑ عوام کی وزیراعلیٰ ہوں۔ یہ جملہ دراصل ان کی سیاسی جدوجہد کے اگلے مرحلے کا اعلان تھا۔ مزاحمت کے بعد اب امتحان کارکردگی کا تھا اقتدار حاصل کرنا ایک امتحان ہے۔ اقتدار برقرار رکھنا دوسرا۔ لیکن اقتدار میں کارکردگی دکھانا سب سے بڑا امتحان ہے۔ مریم نواز کے لیے یہ امتحان اس لیے بھی مشکل تھا کہ وہ ایسے سیاسی خاندان کی میراث سنبھال رہی تھیں جس کے ایک فرد، شہباز شریف، پنجاب میں "خادمِ اعلیٰ" اور "پنجاب اسپیڈ" کے نام سے طویل عرصہ حکمرانی کر چکے تھے۔ خود مریم نواز نے وزارتِ اعلیٰ کے پہلے خطاب میں اعتراف کیا کہ جس کرسی پر وہ بیٹھی ہیں اس پر شہباز شریف کی کارکردگی کا معیار موجود ہے اور اسے آگے بڑھانا آسان کام نہیں۔ چنانچہ مریم نواز نے اپنی حکومت کے آغاز ہی سے ایک تیز رفتار، منصوبہ جاتی اور براہِ راست نگرانی پر مبنی طرزِ حکمرانی اختیار کرنے کی کوشش کی۔ انہوں نے اپنی ترجیحات کا تعین کیا اول:۔ نسل نو اور تعلیم و تربیت اس ضمن میں انہوں نے ہونہار اسکالرشپ پروگرام اور چیف منسٹر لیپ ٹاپ پروگرام کو پالیسی کا حصہ بنایا۔ نوجوانوں کو تعلیم اور کاروبار کے شعبوں میں مالی معاونت بھی فراہم کی نیز یہ کہ انفارمیشن ڈیجیٹل کی دنیا سے نوجوانوں کو ہم آہنگ رکھنا اپنی اولین ترجیحات میں شامل کیا۔ یہاں مریم نواز کے سیاسی بیانیے کا ایک دلچسپ پہلو سامنے آتا ہے۔ وہ نوجوانوں کو محض سیاسی جلسوں کا ہجوم نہیں سمجھتیں۔ وہ انہیں مستقبل کی سیاسی، معاشی اور سماجی طاقت سمجھتی ہیں۔ اور یہی وجہ ہے کہ ان کے پروگراموں میں اسکالرشپس، لیپ ٹاپس، بائیکس اور نوجوانوں کے لیے مواقع کو نمایاں جگہ دی گئی۔ مریم نواز خود متعدد مواقع پر کہہ چکی ہیں کہ نوجوان ان کی اولین ترجیح ہیں۔ دم؛۔ صحت: اسپتال سے گھر تکریم نواز حکومت نے صحت کے شعبے میں بھی کئی منصوبوں کا اعلان اور آغاز کیا بالخصوص پنجاب حکومت نے ہسپتالوں، ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز، تحصیل ہیڈکوارٹرز، کلینک آن ویلز اور فیلڈ ہسپتالوں کی نگرانی کے لیے ریئل ٹائم مانیٹرنگ سسٹم متعارف کروایا سوم:۔ مریم نواز حکومت نے صفائی، انفراسٹرکچر، سڑکوں اور شہری سہولتوں کے منصوبوں کو بھی نمایاں کیا ہے۔ یہاں ان کی حکومت کی ایک بڑی حکمت عملی نظر آتی ہے: لوگوں کو حکومت کی موجودگی محسوس ہونا شروع ہوگئی۔ بہتر سڑک۔ صفائی ستھرائی۔ سٹی بیوٹی فیکیشن پارک بنے۔ ہسپتال میں سہولت ملے۔ طالب علم کو اسکالرشپ ملے۔ نوجوان کے ہاتھ میں لیپ ٹاپ یا بائیک ہو۔ یعنی سیاست کو تقریر سے نکال کر روزمرہ زندگی تک پہنچایا جائے۔ یہی وجہ ہے کہ مریم نواز کی حکومت کے حامی ان کی کارکردگی کو "ڈیلیوری کی سیاست" قرار دیتے ہیں۔ مریم نواز کی سیاسی گفتگو میں ایک نیا اور منفرد حوالہ بھی سامنے آیا ہے: ماں۔ وہ طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے کئی مرتبہ خود کو وزیراعلیٰ سے زیادہ ماں کے کردار میں پیش کر چکی ہیں۔ ایک موقع پر انہوں نے کہا کہ وہ طلبہ کے لیے وزیراعلیٰ نہیں بلکہ ماں بن کر سوچتی ہیں اور اسکالرشپ ان کا حق ہے۔ 2026 میں ایک خطاب کے دوران مریم نواز نے خود بتایا کہ چھوٹے شہروں میں بچے انہیں "سب کی ماں" کہتے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ دفتر میں وہ وزیراعلیٰ ہوتی ہیں لیکن گھر میں ایک ماں۔ یہ لقب محض جذباتی جملہ نہیں۔ پاکستانی سیاست میں "ماں" کا تصور ایک بہت طاقتور سیاسی استعارہ ہے۔ ماں سے عوام تحفظ چاہتے ہیں۔ ماں سے انصاف چاہتے ہیں۔ ماں سے امتیاز کے بغیر محبت چاہتے ہیں۔ اور ماں سے یہ توقع ہوتی ہے کہ وہ اپنے بچوں میں فرق نہیں کرے گی۔ مریم نواز نے "سب کی ماں" صرف مسلم لیگ ن کے کارکنوں کی نہیں، بلکہ ہر اس شہری کی ماں کا کردار نبھانے کی کوشش کر رہی ہے جو ان کا سیاسی مخالف ہے۔ وہ کسان جو حکومت سے اختلاف کرتا ہے۔ وہ نوجوان جو اپوزیشن کی سیاست کرتا ہے۔ یہ ماں ہے ان خواتین اور بچیوں کی جو کسی بھی سیاسی جماعت سے وابستہ نہیں۔ یہ ماں ہے اس غریب کی جس کے پاس کسی حکمران تک پہنچنے کا راستہ نہیں۔ مریم نواز کی سیاست کا پہلا دور مزاحمت کا تھا۔ دوسرا دور اقتدار کا ہے۔ پہلے دونوں ادوار میں وہ کامیاب ٹھہری اب تیسرا دور ثابت کرنے کا ہے۔ جس میں وہ شبانہ روز محنت کر رہی ہیں۔ انہوں نے ایک ایسی سیاست دیکھی جس میں والد کو اقتدار سے نکالا گیا۔ خاندان کو مقدمات کا سامنا کرنا پڑا۔ خود جیل گئیں۔ والد کے ساتھ سیاسی جدوجہد کی۔ مخالفین کی شدید تنقید برداشت کی۔ اور پھر اسی سیاسی میدان میں کھڑی رہیں۔ آخر کار وہ پنجاب کی پہلی خاتون وزیراعلیٰ بن گئیں۔ یہ سفر آسان نہیں تھا۔ خود مریم نواز نے 2026 میں اعتراف کیا کہ وزیراعلیٰ کی کرسی تک پہنچنا آسان نہیں تھا، اڈیالہ جیل کے دنوں کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ انہیں یہ بھی معلوم نہیں تھا کہ ان کا جرم کیا ہے۔ یہ ان کے سیاسی سفر کا شاید سب سے طاقتور باب ہے۔ اب تاریخ مریم نواز سے یہ توقع کرتی ہیکہ آپ مزاحمت کرکے اقتدار تک پہنچ گئیں۔ آپ نے پنجاب کی پہلی خاتون وزیراعلیٰ بن کر تاریخ بھی رقم کر دی۔ آپ نے اسکالرشپ دیے۔ لیپ ٹاپ پروگرام شروع کیے۔ صحت اور شہری سہولتوں کے منصوبے شروع کیے۔ اور تاریخ انہیں یہ پیغام بھی دیتی ہیکہ اب آپ نے پنجاب کے عام آدمی کے دل میں جگہ بنانی ہے تاریخ میں وزیراعلیٰ بہت گزرے ہیں۔ لیکن "سب کی ماں" کہلانے کا مرتبہ مقام آپ کو ملا ہے۔ اور ماں تو ماں ہوتی ہے جسے اپنے ہر بچے کے دکھ کا احساس ہوتا ہے۔ آپ نے حقیقی معنوں میں ماں کا کردار نبھانا ہے آپ کو بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا باوجود ان تمام مشکلات کے اگر آپ ماں کا کردار نبھانے میں کامیاب ہوئی تو پھر تاریخ آپ کو آپ کے والد کی سیاسی وارث قرار تو دے گی مگر آپ کو سب سے بڑا خطاب اور بڑی شناخت "پنجاب کی ماں" ہوگا ماں بن کر آپ نے اب جنگ مخالفین سے نہیں۔ آپ نے جنگ مہنگائی، غربت، بے روزگاری، بدانتظامی، ناانصافی اور عام آدمی کی بے بسی کے خلاف لڑنی ہے۔ آپ کے سیاسی سفر کا سب سے خوبصورت امتحان بھی یہی ہے: کل اپ اپنے سیاسی خاندان کے لیے لڑ رہی تھیں؛ آج آپ پنجاب کی ماں بن کر پورے پنجاب کے لیے کرنا ہے۔ اسی کردار کو اپنائے رکھنے سے ہی ایک روز عوام کہے گی آپ کے مخالفین کہیں گے کہ مریم نواز کی اصل سیاسی منزل وزارتِ اعلیٰ نہیں، بلکہ اس منصب پر فائز ہوکر اس نے خود کو پنجاب کی ماں ثابت کرنا تھا اور وہ یہ ثابت کرنے میں کامیاب ہوگئی۔

SHOWBIZ شوبز

اپنے اور شوہر کے درمیان عمر کے فرق پر کوئی اعتراض نہیں، اقراء اعزیز

میرے لیے یہ معمول کی بات ہے جیسا کہ والدین کو بھی ایسے ہی دیکھا ہے

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ اقراء عزیز نے کہا ہے کہ مجھے اپنے اور اپنے شوہر کے درمیان عمر کے فرق پر کوئی اعتراض نہیں، یہ میرے لیے معمول کی بات ہے جیسا کہ والدین کو بھی ایسے ہی دیکھا ہے۔ ایک انٹرویو میں اداکارہ نے کہا کہ اگر عمر کا فرق نہ بھی ہو بس یہ ہونا چاہیے کہ آپ کسی سے نبھا جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم عمر کا فرق جانے بغیر اپنی زندگی میں بہت خوش ہیں اور دعا ہے ہمارا رشتہ اسی طرح آگے بڑھتا رہے۔

ببرک شاہ کو اپنی خودستائی سے گریز کرنے کی ضرورت ہے، ثاقب سمیر

ببرک شاہ مسلسل خود کو اور اپنے کام کو دوسروں سے برتر ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں

کراچی (این این آئی) پاکستان ڈرامہ انڈسٹری کے اداکار ثاقب سمیر نے ساتھی فنکار ببرک شاہ کو کڑی تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ انہوں نے ایک موقع پر گفتگو کے دوران کہا ہے کہ ببرک شاہ کو انا کا مسئلہ ہے اور وہ مسلسل خود کو اور اپنے کام کو دوسروں سے برتر ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ثاقب سمیر نے کہا ہے کہ کسی بھی فنکار کو اپنی تعریف خود نہیں کرنی چاہیے بلکہ دوسروں کو اس کے کام کی تعریف کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ببرک شاہ کو اپنی خودستائی سے گریز کرنے کی ضرورت ہے، کیونکہ ہر وقت اپنی بڑائی بیان کرنا ناظرین کو خاصا ناگوار محسوس ہوتا ہے۔

سمے رائنا کے انڈیا گاٹ لیٹنٹ میں طنزیہ مذاق پر ارچنا پورن سنگھ کا ردِعمل

سمے رائنا کے شو میں کیے گئے مذاق کو سنجیدگی سے نہ لیا جائے، بھارتی اداکارہ کی شائقین سے اپیل

ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکارہ ارچنا پورن سنگھ نے کہا ہے کہ مجھے کامیڈین سمے رائنا کی جانب سے شو کے دوران کیے گئے مذاق کا ذاتی طور پر برا نہیں لگا اور مجھے انڈیاز گاٹ لیٹنٹ میں شرکت پر کوئی پچھتاوا نہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق سوشل میڈیا پر صارفین کے متنازع تبصروں کے بعد ارچنا سنگھ اور ان کے بیٹے آریامن نے ناظرین سے اپیل کی کہ سمے رائنا کے شو میں کیے گئے مذاق کو سنجیدگی سے نہ لیا جائے۔ ارچنا پورن سنگھ نے کہا کہ میں شو میں شرکت سے پہلے ہی جانتی تھی کہ سمے رائنا کا شو کس نوعیت کا پروگرام ہے اور وہاں صرف تفریح اور ہنسی مذاق کے لیے گئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ اگر سمے کی نیت توہین کرنا ہوتی تو بات مختلف تھی لیکن سمے کا مقصد صرف ناظرین کو ہنسانا تھا، اس لیے مجھے کچھ بھی برا نہیں لگا اور نہ ہی میں انڈیاز گاٹ لیٹنٹ میں شرکت پر پچھتا رہی ہوں۔ انہوں نے ناظرین سے کہا کہ جو لوگ میرے خاندان کے لیے برا محسوس کر رہے ہیں، وہ ایسا نہ کریں، اتنا نہ سوچیں اور مذاق کو سنجیدہ نہ لیں۔ یاد رہے کہ ارچنا سنگھ کے ردِعمل سے قبل اداکارہ کے بیٹے آریامن نے کہا تھا کہ سمے کے شو کے دوران ہونے والا مکالمہ صرف مذاق تھا اور سمے کا مقصد مجھے یا میرے خاندان کو تکلیف پہنچانا نہیں تھا۔ واضح رہے کہ شو کے دوران سمے رائنا نے ارچنا کے بیٹوں کو بے روزگار قرار دیتے ہوئے اداکارہ کے شوہر پرمیت کے بارے میں بھی طنزیہ جملے کسے تھے۔ سمے رائنا نے دی کپل شرما شو میں ارچنا کے مسلسل ہنسنے کے حوالے سے بھی طنزیہ مذاق کیا تھا۔

خوش قسمت ہوں کہ شوہر گھر کے سارے کام سنبھالتے ہیں، شریا گھوشال

شیلادتیہ اپنے برتن خود دھوتے، باورچی خانے کی صفائی کرتے اور گھر کے کئی دیگر کام بھی سنبھالتے ہیں

ممبئی (این این آئی) معروف بھارتی گلوکارہ شریا گھوشال نے اپنے شوہر شیلادتیہ مکھوپادھیائے کے ساتھ ازدواجی زندگی اور گھریلو ذمے داریوں کی تقسیم کے بارے میں کھل کر بات کی ہے۔ حالیہ انٹرویو کے دوران شریا گھوشال نے بتایا ہے کہ میں خود کو خوش قسمت سمجھتی ہوں کہ مجھے شیلادتیہ جیسا شریکِ حیات ملا جو گھر کے کاموں میں میرا بھرپور ساتھ دیتا ہے۔ ایک پوڈکاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے شریا گھوشال نے بتایا کہ شیلادتیہ اپنے برتن خود دھوتے، باورچی خانے کی صفائی کرتے اور گھر کے کئی دیگر کام بھی سنبھالتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ میرے شوہر کو یہ بات بھی پسند نہیں کہ یہ سارے کام میں ہی کروں۔ شریا نے کہا کہ دونوں کی مصروف پیشہ ورانہ زندگی کے باعث ہم گھریلو ذمے داریاں مل کر ادا کرتے ہیں، شیلادتیہ نے کبھی یہ مطالبہ نہیں کیا کہ میں ہر وقت گھر میں موجود رہوں۔ گلوکارہ کا کہنا ہے کہ میں بعض اوقات کئی ماہ تک کام کے سلسلے میں گھر سے دور رہتی ہیں تاہم اس حوالے سے میرے شوہر ہمیشہ پراعتماد اور سمجھ دار رہے ہیں۔ شریا کا کہنا ہے کہ ہم دونوں میں انا کا مسئلہ نہیں اور ہم ایک دوسرے کی پیشہ ورانہ مصروفیات کو سمجھتے ہیں۔ انہوں نے بتایا ہے کہ میرا بچہ میری زندگی کا اہم ترین حصہ ہے اور میں اور میرا شوہر دونوں مل کر اپنے بچے کی پرورش پر توجہ دیتے ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق شریا گھوشال اور شیلادتیہ مکھوپادھیائے کی پہلی ملاقات اسکول کے زمانے میں ہوئی تھی، دونوں پہلے قریبی دوست بنے اور بعد میں ان کا تعلق محبت میں بدل گیا۔ شریا کے گلوکاری کے کیریئر کے عروج کے دوران بھی دونوں نے تقریباً 10 سال تک اپنے تعلق کو میڈیا سے پوشیدہ رکھا تھا۔ شریا اور شیلادتیہ نے 2015 میں شادی کی تھی اور 2021 میں ان کے یہاں بیٹے دیویان کی پیدائش ہوئی تھی۔

امریکی ریپر کا کنسرٹ فلسطین کے حق میں مظاہرے میں تبدیل

غزہ اور مغربی کنارے کے لوگ جان لیں وہ بھلائے نہیں گئے، امریکی ریپر میکلمور

نیوجرسی (این این آئی) امریکی ریپر میکلمور نے نیوجرسی کنسرٹ کو فلسطین کے حق میں مظاہرے میں بدل دیا۔ ایڈشیرن کے کنسرٹ میں پرفارم کرتے ہوئے میکلمور نے فلسطین کو آزاد کرو کے نعرے لگا دیئے۔ کنسرٹ کے دوران انہوں نے کہا کہ غزہ اور مغربی کنارے کے لوگ جان لیں وہ بھلائے نہیں گئے۔ میکلمور نے اپنے گانے Hinds Hall بھی پیش کیا اور اسکرین پر غزہ کے مناظر اور فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی کے پیغامات دکھائے۔ ریپر نے ایران، لبنان، کیوبا اور سوڈان کو آزاد کرو کے نعرے بھی لگائے۔

ایشا ٹپیل نے بھارتی کرکٹر کیساتھ تعلقات کی افواہوں کو مسترد کر دیا

دوستوں کے درمیان ہونے والی ایک عام ملاقات کو بھی رومانوی رنگ دیا جا رہا ہے

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی سینئر اداکارہ ایشا ٹپیل نے بھارتی کرکٹر ہاردیک پانڈیا کے ساتھ اپنے تعلقات سے متعلق سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی افواہوں پر ایک صارف کو سخت جواب دیا ہے۔ ایشا ٹپیل اور ہاردیک پانڈیا کو حال ہی میں ممبئی کے تاج محل پیلس میں نجی تقریب کے دوران ایک ساتھ دیکھا گیا جہاں اداکارہ کرکٹر کو اپنے چند دوستوں سے متعارف کرواتی نظر آئیں۔ اس موقع کی ایک ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ ایک صارف نے ویڈیو اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر شیئر کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ ایشا کا ہاردیک کے کندھے پر ہاتھ رکھنا ان دونوں کے درمیان مبینہ رومانوی تعلق کی جانب اشارہ ہے، سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی افواہیں درست ثابت ہو رہی ہیں۔ ایشا ٹپیل نے اس پوسٹ کا اسکرین شاٹ اپنی انسٹاگرام اسٹوری پر شیئر کرتے ہوئے طنزیہ انداز میں جواب دیا کہ ہاں، یہ واقعی بہت رومانوی انداز تھا کہ میں نے اپنا ہاتھ ہاردیک پر رکھا ہوا تھا۔ اداکارہ نے کہا کہ میں اس صارف کو جانتی تک نہیں۔

پاکستان کی فاطمہ نسیم نے بھارتی کھلاڑی کا ریکارڈ توڑ دیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی فاطمہ نسیم نے بھارتی کھلاڑی کا ریکارڈ توڑ دیا۔ فاطمہ نے ہاتھوں میں انڈے پکڑ کر 1 منٹ میں 340 پنچز لگا کر گینیز بک میں ریکارڈ درج کرا دیا۔ اس پہلے یہ ریکارڈ بھارتی کھلاڑی دیپا جیوتی سرکار کا 1 منٹ میں 331 پنچز کا تھا۔ گینیز ورلڈ ریکارڈز نے پاکستان کی مارشل آرٹسٹ فاطمہ کا اسٹرینگ کیٹیگری میں بھی ریکارڈ تسلیم کر لیا۔ فاطمہ نے 2 کرسیوں کے درمیان اسٹرینگ کرتے ہوئے 1 منٹ 45 سیکنڈ تک بیلنس برقرار رکھ کر ریکارڈ بنایا۔ فاطمہ نسیم کا یہ 10 واں ریکارڈ ہے جس کو تسلیم کیا گیا ہے، وہ پاکستان کے لیے 10 عالمی ریکارڈز بنانے والی پہلی خاتون کھلاڑی بن گئی ہیں۔

پی سی بی نے امام اور رضوان کا موبائل ڈیٹا حاصل کر لیا، تحقیقات کا دائرہ وسیع

لاہور (اے ایف بی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے لندن میں پاکستانی کرکٹرز کے فون کا ڈیٹا حاصل کر لیا ہے۔ بورڈ نے لارڈز ٹیسٹ میں شکست کے بعد امام الحق اور محمد رضوان کے خلاف تحقیقات کا دائرہ وسیع کر دیا گیا ہے جب کہ ٹھوس شواہد ملنے پر انہیں بھاری جرمانوں اور پابندی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ دونوں کرکٹرز کی سرگرمیوں کے علاوہ یہ بھی چیک کیا جا رہا ہے کہ دونوں کھلاڑی کن کن لوگوں کے ساتھ روابط میں رہے۔ یہ بات بھی خارج از امکان نہیں مستقبل میں انہیں پاکستان ٹیم کی جانب سے کھیلنے کا موقع نہیں مل سکے۔ مصدقہ ذرائع کا کہنا ہے کہ لارڈز ٹیسٹ میں 194 رنز کی شکست کے بعد ہوٹل پہنچتے پر ٹیم کے سکیورٹی آفیسر نے دونوں کھلاڑیوں کے موبائل فون اپنے قبضے میں لیے اور کئی گھنٹے بعد ڈیٹا کسی اور جگہ ٹرانسفر کرنے کے بعد انہیں فون واپس دیے گئے۔ اس بارے میں جب پاکستان کرکٹ بورڈ کے ترجمان سے رابطہ کیا گیا تو انہوں نے اس کی تصدیق کرنے سے انکار کر دیا۔

پاکستانی ریسلر انعام بٹ کا ڈوپ ٹیسٹ مثبت آ گیا، پابندی لگنے کا امکان

اسلام آباد (اے ایف بی) بین الاقوامی شہرت یافتہ پاکستانی ریسلر انعام بٹ کا ڈوپ ٹیسٹ مثبت آ گیا۔ تفصیلات کے مطابق اپریل میں چین میں منعقدہ ایشین پیچ گیمز کے دوران انعام بٹ کا ڈوپ ٹیسٹ ہوا تھا۔ ٹیسٹ مثبت آنے کے بعد ریسلر کے موقف سے واڈا کے مطمئن نہ ہونے کی صورت میں پابندی لگ سکتی ہے۔ دوبار کے گولڈ میڈلسٹ ریسلر کے قریبی ذرائع کا موقف ہے کہ گیمز سے پہلے انعام بٹ نے آنکھوں کے علاج کے لیے ادویات لی تھیں تاہم ان ادویات کا قوت بڑھانے کے معاملے سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ادویات کی فہرست، میڈیکل اسکینز اور ڈاکٹری نسخے کے بارے میں انعام بٹ نے واڈا کو آگاہ کیا۔ واڈا نے ایک سال تک ادویات کے استعمال کی اجازت بھی دے رکھی ہے۔

SPORTS سپورٹس

جنوبی افریقا کیخلاف ٹیسٹ سیریز کیلئے آسٹریلوی اسکواڈ کا اعلان

مارنس لبوشین گزشتہ چند ماہ سے ناقص کارکردگی کے باوجود اسکواڈ میں جگہ برقرار رکھنے میں کامیاب

سڈنی (اے ایف بی) آسٹریلیا نے جنوبی افریقا کے خلاف تین ٹیسٹ میچز کی سیریز کے لیے 16 رکنی اسکواڈ کا اعلان کر دیا۔ حیران کن طور پر مڈل آرڈر بیٹر مارنس لبوشین گزشتہ چند ماہ سے ناقص کارکردگی کے باوجود اسکواڈ میں جگہ برقرار رکھنے میں کامیاب رہے ہیں۔ لبوشین گزشتہ کچھ عرصے سے شدید تنقید کی زد میں ہیں۔ جولائی 2023 کے بعد سے وہ 43 ٹیسٹ اننگز میں صرف 24.69 کی اوسط سے رنز بنا سکے ہیں اور اس دوران انہوں نے ایک بھی سنچری اسکور نہیں کی۔ بنگلا دیش کے خلاف حالیہ تین اننگز میں بھی ان کا اسکور ایک، 31 اور چار رہا۔ چیف سلیکٹر جارج بیلی نے تسلیم کیا کہ ٹیم کو لبوشین سے مزید رنز کی توقع ہے تاہم سلیکٹرز اب بھی ان کی کارکردگی پر اعتماد رکھتے ہیں۔ ون ڈے اسکواڈ سے باہر ہونے کے باعث لبوشین کو جنوبی افریقا کے خلاف ٹیسٹ سیریز سے قبل صرف ریڈ بال کرکٹ پر توجہ دینے کا موقع ملے گا۔ نوجوان آل راؤنڈر کوپر کونولی بھی اسکواڈ میں شامل ہیں جبکہ مائیکل نیسر اور میتھیو کوہنیمن کی واپسی ہوئی ہے۔ میٹ رینشا کو بھی برقرار رکھا گیا ہے اور ان کے ٹریوس ہیڈ کے ساتھ اوپننگ کرنے کا امکان ہے۔

پی سی بی کا کھلاڑیوں کے ڈسپلن اور رویے سے متعلق اندرونی تحقیقات کا آغاز

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے میڈیا میں سامنے آنے والی ڈسپلن اور کھلاڑیوں کے رویے سے متعلق رپورٹس پر اندرونی طور پر انکوائری شروع کر دی ہے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کے ڈائریکٹر میڈیا اینڈ ڈیجیٹل کمیونیکیشنز عامر میر کے مطابق معاملے کا جائزہ اس کے معمول کے ضابطہ کار اور متعلقہ قوانین کے تحت لیا جا رہا ہے۔ تحقیقات کے دوران تمام متعلقہ افراد کے مقف اور حالات کو مناسب اہمیت دی جائے گی۔ پی سی بی نے واضح کیا کہ اس مرحلے پر سوشل میڈیا اور بعض دیگر پلیٹ فارمز پر گردش کرنے والی قیاس آرائیوں اور غیر مصدقہ دعوں کو قابلِ اعتماد نہ سمجھا جائے۔

OFFICE OF THE MEDICAL SUPERINTENDENT
BANAZIR BHUTTO HOSPITAL, RAWALPINDI

WALK IN REGISTRATION OF BIDDERS

As per procurement wing, SHC & ME Department Government of Punjab Lahore Letter No. SO (P-I)/H/LP Guideline / 2023 dated 09-01-2023.

As per directions given in the above said letter, walk in interviews for registration of bidders for local purchase on day to day basis (LPDD) & Limited purchase through quotations (LPQ) will be held as per the following schedule.

S.no	Description	Date & time for interview	Venue of interview
1	Walk in interview for registration of vendors for local purchase on day to day (LPDD) for Medicine, Surgical & Disposables	04-10-2026 11:00am	Conference room at Benazir Bhutto Hospital Rawalpindi.
2	Walk in interview for registration of vendors for Limited Purchase through quotations (LPQ) for Medicine, Surgical & Disposables	04-10-2026 11:00am	Conference room at Benazir Bhutto Hospital Rawalpindi.

Location of Pharmacy shall be within 10KM radius of Benazir Bhutto Hospital Rawalpindi only for LPDD Vendors.

Interested vendors may get the bidding documents from the purchase cell of Benazir Bhutto Hospital Rawalpindi on submission of written application on the original letter head of the firm along with a copy of CNIC with payment of tender fee of Rs.2000/- (Non-Refundable). The bidders are required to furnish Bid Security amounting to Rs.50000/- in the shape of Bank Guarantee issued by any schedu

بقیہ 1

ڈسٹرکٹ کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ رنگ روڈ منصوبے کا مین کیریج وے 99 فیصد مکمل ہو چکا ہے۔ کمشنر نے باقی ماندہ کاموں میں شامل ڈرینز، ریٹیننگ والز اور انٹرچینج ریمپس کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ کمشنر راولپنڈی ڈویژن نے تھیلیاں انٹرچینج کا بھی جائزہ لیا اور ہدایت کی کہ انٹرچینج کی تکمیل تک M-2 موٹروے کے ساتھ عارضی مرج اور لاہور کی جانب جانے والے ریمپس کو مکمل طور پر فعال رکھا جائے تاکہ ٹریفک کی روانی برقرار رہے اور شہریوں کو ٹریفک جام اور غیر ضروری مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ کمشنر راولپنڈی نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ عارضی ٹریفک مینجمنٹ پلان کو مؤثر بنایا جائے اور گاڑیوں کی آمدورفت کو محفوظ اور بلا تعطل رکھنے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں۔ دورے کے دوران FWO کے ذریعے سنگل نیٹ ورک ٹولنگ سسٹم کے حوالے سے آئندہ کے لائحہ عمل پر بھی تفصیلی غور کیا گیا۔ کمشنر سلمان غنی نے FWO کو رنگ روڈ منصوبے کے تمام باقی ماندہ کام جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی اور واضح کیا کہ منصوبے کی تکمیل کے دوران مقررہ تکنیکی اور تعمیراتی معیار کی سختی سے پابندی یقینی بنائی جائے۔ کمشنر راولپنڈی نے کہا کہ رنگ روڈ منصوبہ راولپنڈی کے ٹریفک نظام کو بہتر بنانے، شہر کے اندر ٹریفک کے دباؤ کو کم کرنے، بین الاضلاعی و بین الصوبائی ٹریفک کی روانی بہتر بنانے اور خطے میں معاشی و تجارتی سرگرمیوں کے فروغ کے حوالے سے انتہائی اہم منصوبہ ہے۔ کمشنر راولپنڈی نے مزید ہدایت کی کہ منصوبے کی پیش رفت کی مسلسل نگرانی کی جائے، باقی ماندہ کاموں کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے اور کام کے معیار، رفتار اور عوامی سہولیات پر خصوصی توجہ دی جائے۔ کمشنر راولپنڈی ڈویژن نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت پنجاب کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس سلسلے میں غفلت یا غیر ضروری تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 2

سائکلین کے لیے یہ صرف وقت کا ضیاع نہیں بلکہ گھر کے محدود بجٹ پر ایک اور بوجھ بن جاتا ہے۔ شہریوں کے مطابق سائکلین صبح سویرے دور دراز علاقوں سے گوجر خان پہنچتے، گھنٹوں دفاتر کے باہر متعلقہ اہلکاروں کے انتظار میں بیٹھے رہتے ہیں اور پورا دن سرکاری دفتر کے چکر کاٹنے کے بعد بھی کام نہ ہونے پر مایوسی، خالی جیب اور ناامیدی کے ساتھ واپس گھروں کو لوٹنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ ایک معمولی ریونیو کام کے لیے بار بار سفر کرنا اس مہنگائی میں عام آدمی کے لیے ناقابل برداشت ہو چکا ہے۔ شہری حلقوں کا دعویٰ ہے کہ نائب تحصیلدار بھی مبینہ طور پر کئی روز سے دفتر میں دستیاب نہیں، جبکہ ذرائع کے مطابق متعدد پٹواریوں کی بھی اپنے متعلقہ دفاتر میں عدم موجودگی کی شکایات سامنے آ رہی ہیں، جس کے باعث ریونیو سے متعلقہ معاملات کے لیے آنے والے شہری دربدر ہو رہے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ اگر متعلقہ افسر یا اہلکار دستیاب نہیں تو سائکلین کے جائز کام کون کرے گا اور ان کے بار بار لگنے والے کرایوں، ضائع ہونے والے وقت اور ذہنی اذیت کا ازالہ کون کرے گا؟ شہریوں نے وزیراعلیٰ پنجاب سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ کمشنر راولپنڈی اور ڈپٹی کمشنر راولپنڈی محکمہ ریونیو گوجر خان کی صورتحال کا فوری جائزہ لیں، دفاتر میں افسران و عملے کی حاضری یقینی بنائیں اور سائلین کے لیے مؤثر متبادل انتظام کیا جائے۔ ان کا کہنا ہے کہ اگر نائب تحصیلدار کسی وجہ سے دفتر میں فرائض انجام نہیں دے پا رہے تو کسی متبادل افسر کو فوری طور پر ذمہ داری سونپی جائے تاکہ ایک افسر کی عدم موجودگی کی سزا پوری تحصیل کے شہریوں کو نہ بھگتنا پڑے۔ شہری حلقوں نے واضح کیا کہ سرکاری دفتر عوام کی خدمت کے لیے ہوتا ہے، عوام کو دفتر کے چکر لگوانے، کرائے خرچ کروانے اور پورا دن انتظار کے بعد خالی ہاتھ واپس بھیجنے کے لیے نہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب کے عوامی سہولت کے ویژن کو عملی شکل دینے کے لیے گوجر خان کے ریونیو دفاتر میں فوری اصلاح اور جوابدہی ناگزیر ہے۔

بقیہ 3

متاثرہ شہریوں کا کہنا ہے کہ پٹوار عملہ مبینہ طور پر جان بوجھ کر کمپیوٹر ریکارڈ میں ایسی تکنیکی خامیاں اور ناموں کی غلطیاں چھوڑ دیتا ہے تاکہ شہری بار بار ''فرد بدر'' بنوانے کے لیے پٹوار خانوں کے چکر کاٹنے پر مجبور ہوں۔ شہریوں نے سوال اٹھایا ہے کہ جب حکومت پورا نظام کمپیوٹرائزڈ کر رہی ہے تو ڈیٹا انٹری میں ریاضی کی ترتیب کے برعکس بڑے خسرہ نمبر پہلے صفحات پر کیوں آ جاتے ہیں، جبکہ موقع پر ایک ہی جگہ اکٹھے جڑے ہوئے نمبر اور دہائیوں پرانے تبادلے کے خسرہ نمبرات الگ الگ کھتونیوں میں بکھیر دیے گئے ہیں۔ اس تکنیکی غفلت کے باعث جب شہری اپنے مخصوص رقبے کی انفرادی فرد حاصل کرتے ہیں، تو کالم نمبر 4 خانہ ملکیت بالکل خالی پرنٹ ہوتا ہے اور حقیقی مالکان کا کوئی نام یا حوالہ ظاہر ہی نہیں ہوتا۔ دوسری جانب پٹوار عملے کی جانب سے یہ کہہ کر روایتی طور پر ٹال مٹول کیا جا رہا ہے کہ مفصل فرد کے پہلے صفحات پر مالکان کے نام آ چکے ہیں اس لیے اگلے صفحات پر خانہ ملکیت کا خالی آنا کوئی بڑی بات نہیں، جسے قانونی ماہرین نے مروجہ قوانین کے خلاف قرار دیا ہے۔ ماہرینِ قانون کے مطابق، یہ سنگین تکنیکی غلطی دستورِ پاکستان کے آرٹیکل 24 تحفظِ جائیداد، لینڈ ریونیو ایکٹ 1967 کے سیکشن 39 مکمل ریکارڈ کے اصول جس کی رو سے کوئی بھی زمین بغیر مالک کی لٹکنگ کے لاوارث نہیں رہ سکتی، اور سیکشن 41 اے کمپیوٹرائزڈ ڈیٹا کا مینوئل ریکارڈ کے عین مطابق ہونا کی کھلی خلاف ورزی ہے، لہٰذا حکام بالا اور پنجاب لینڈ ریکارڈز اتھارٹی کو پٹوار عملے کے ان من گھڑت بہانوں کا فوری نوٹس لیتے ہوئے شہریوں کی دادرسی کرنی چاہیے اور اراضی ریکارڈ سنٹر کو ڈیٹا بیس کی فوری درستگی کے احکامات جاری کرنے چاہئیں تاکہ ریکارڈ کو موقع کے مطابق یکجا کر کے شہریوں کے بنیادی آئینی حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 4

اہل علاقہ نے اسٹیشن کمانڈر راولپنڈی اور سی ای او چکلالہ کینٹونمنٹ بورڈ سے فوری نوٹس لے کر قبرستان کی صفائی اور راستوں کی بحالی کے اقدامات یقینی بنانے کی اپیل کی ہے۔

بقیہ 5

ساتھ پنجاب میں ہیلتھ انشورنس کے شعبے میں تعاون پر اتفاق ہوا ہے۔ چینی ہیلتھ انشورنس کمپنیوں کے تعاون سے پنجاب کے ہیلتھ انشورنس سیکٹر میں مزید بہتری آئے گی اور جدید انشورنس ماڈلز کو فروغ ملے گا۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ چین پاکستان مشترکہ نیورو سرجری تربیتی و طبی سیاحت مرکز وہ ہان میں قائم کیا گیا ہے، جو طبی تربیت، تحقیق اور علمی تبادلے کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گا۔ اس مرکز کے ذریعے پاکستانی ڈاکٹرز کے لیے جدید طبی تربیت کے مواقع میں بھی اضافہ ہوگا۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ پروفیسر چن کی سربراہی میں چینی ہیلتھ انشورنس وفد نے پنجاب کے ہیلتھ سیکٹر میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا ہے۔ چین کے تجربات اور مہارت سے استفادہ کرتے ہوئے پنجاب میں صحت کی سہولیات اور طبی خدمات کو مزید بہتر بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ چین پاکستان مشترکہ نیورو سرجری مرکز کے شراکت داروں میں پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیورو سائنسز، ژوہنگ نان ہسپتال وہ ہان اور سی پی ایم اے شامل ہیں۔ چینی اور پاکستانی ماہرین کے درمیان طبی مہارت، جدید علاج اور طبی علوم کے تبادلے کو فروغ دیا جا رہا ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پنجاب ہیلتھ کیئیک پروگرام کے ذریعے عالمی طبی ماہرین کو پنجاب کے طبی اداروں سے منسلک کیا جا رہا ہے۔ پروگرام کے تحت پاکستانی ڈاکٹرز کی تربیت اور طبی مہارت کے تبادلے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین سے پنجاب کو جدید طبی ٹیکنالوجی کے ساتھ ساتھ مہارت اور انسانی وسائل کی تربیت بھی منتقل ہو رہی ہے۔ چین اور پنجاب کے درمیان مشترکہ تحقیق اور جدید طبی ٹیکنالوجی کے فروغ کے لیے بھی کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اطلاعات پنجاب نے کہا کہ پنجاب کے ہیلتھ سیکٹر میں بین الاقوامی سرمایہ کاری اور جدید ہیلتھ انشورنس ماڈلز کا فروغ خوش آئند ہے۔ چین کے ساتھ تعاون سے پنجاب میں طبی تربیت، تحقیق، جدید علاج اور صحت کی سہولیات کے معیار کو مزید بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔

بقیہ 6

اہلِ دانش اور ماہرین نے شرکت کی۔ افتتاحی کلمات محترمہ اِزباً ولایت خان، ریسرچ اسسٹنٹ کیس لاہور، نے ادا کیے۔ پاک فضائیہ کے جنگی تجربہ رکھنے والے سابق افسر، ایئر کموڈور خالد فاروق چشتی (ریٹائرڈ)، تقریب کے مقرر تھے۔ انہوں نے پاک فضائیہ کے ارتقا کا احاطہ کرتے ہوئے ایئر مارشل اصغر خان کی ادارہ سازی میں قائدانہ خدمات اور ۱۹۶۵ کی جنگ میں ایئر مارشل نور خان کی عملی اور فیصلہ کن قیادت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے ۱۹۷۱ کی جنگ میں ایئر مارشل عبدالرحیم خان کے کلیدی کردار کا بھی ذکر کیا۔ اس کے بعد انہوں نے ان بنیادی پیش رفتوں کو موجودہ دور کی تکنیکی طور پر جدید پاک فضائیہ کے ارتقا سے مربوط کیا، جو ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی قیادت میں فعال ہے۔ ۱۹۶۵ اور ۱۹۷۱ کی جنگوں کے اہم واقعات اور فضائی جانبازوں کی قربانیوں کو یاد کرتے ہوئے، انہوں نے پاک فضائیہ کی ایک چارجانہ- دفاعی قوت سے ایک ڈسرپٹو تینی روایتی جنگی تصورات میں خلل ڈالنے والی فضائی قوت میں تبدیلی کو اجاگر کیا، جو حقیقت پسندانہ تربیتی نظام، جدت کاری، پہل کاری اور مشترکہ افواج کی ہم آہنگی کے باعث ممکن ہوئی۔ انہوں نے بتایا کہ یہ ارتقا حالیہ معرکۂ حق کے دوران مزید مستحکم ہوا، جہاں تینوں مسلح افواج کے مابین ہم آہنگی آرمی چیف فیلڈ مارشل عاصم منیر کی زیرِ نگرانی یقینی بنائی گئی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاک فضائیہ کی آپریشنل صلاحیت اسے عددی اعتبار سے برتر حریف کے مقابل پہل کرنے، آپریشنل تیاری برقرار رکھنے اور مؤثر انداز میں کارروائیاں کرنے کے قابل بناتی ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ پاک فضائیہ کا پائیدار ورثہ جرات، پیشہ ورانہ مہارت، نظم و ضبط، قربانی، کامریڈری اور آبرو پر استوار ہے، جسے ہر نسل آگے بڑھا رہی ہے۔ اپنے اختتامی کلمات میں صدر کیس لاہور، ایئر مارشل عاصم سلیمان (ریٹائرڈ)، نے کہا کہ یومِ فضائیہ صرف ۱۹۶۵ فتوحات ہی نہیں بلکہ کئی دہائیوں پر محیط خاموش جنگوں کی بھی یاد دلاتا ہے، جن میں سے ایف-۱۷ کی مقامی تیاری، پاکستان کے جوہری پروگرام کا تحفظ، سوویت دراندازیوں کے خلاف دفاع، اتحادیوں کی معاونت اور یکے بعد دیگرے بحرانوں کے دوران عملی طور پر ڈیٹرنس شامل ہیں۔ انہوں نے ایئر مارشل اصغر خان کی رکھی گئی بنیادوں، ۱۹۶۵ میں ایئر مارشل نور خان کی قیادت، اور ۱۹۷۱ میں ایئر مارشل عبدالرحیم خان کی استقامت کو خراجِ تحسین پیش کیا، جنہوں نے پیشہ ورانہ مہارت اور بہادر قیادت کی ایک روایت کو تشکیل دیا۔ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی قیادت میں یہ ارتقا اب ایک جدید، نئی نسل کی ملٹی ڈومین پاک فضائیہ کی صورت اختیار کر چکا ہے، جو سائبر، خلائی، الیکٹرانک وارفیئر اور ڈرون صلاحیتوں کو یکجا کرتی ہے، جن کا عملی مظاہرہ ۲۰۲۵ میں معرکۂ حق کے دوران دیکھا گیا، اور جسے چیف آف ڈیفنس فورسز (سی ڈی ایف) فیلڈ مارشل عاصم منیر کی سہولت کاری سے قائم کردہ تینوں افواج کی ہم آہنگی نے مزید مؤثر بنایا۔ انہوں نے کسی بھی بھارتی مہم جوئی کا بھرپور جواب دینے کے لیے پاک فضائیہ کی مکمل تیاری کا اعادہ کیا اور اس کے جنگی بہروز، شہداء اور تکنیکی و معاون عملے کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ تقریب کا اختتام ایک دلچسپ اور فکر انگیز سوال و جواب کی نشست پر ہوا، جس میں فضائی جنگ کے مختلف پہلوؤں، قائدانہ فیصلہ سازی اور مالی چیلنجز پر روشنی ڈالی گئی۔ نشست میں پاک فضائیہ اور بھارتی فضائیہ کے متفاد پیشہ ورانہ کلچر، مقامی صلاحیت سازی اور پاک فضائیہ کے اہلکاروں کی بے لوث خدمت جیسے موضوعات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ شرکاء نے کیس لاہور کی اس کاوش کو سراہا، جس نے ایک بھرپور اور فکر انگیز مکالمے کا اہتمام کیا۔

بقیہ 7

(OGDCL) کا لیگل ایڈوائزر مقرر کر دیا گیا ہے۔ اس حوالے سے متعلقہ اتھارٹی کی جانب سے باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے، جبکہ ان کی مدتِ تعیناتی تین سال ہوگی۔ یہ اہم ذمہ داری ملنے پر سابق ممبر قومی اسمبلی الحاج ملک محمد اسلم کھوکھر اور ملک اسد اکرم کھوکھر ایڈووکیٹ نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کی قیادت کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا ہے۔ انہوں نے بالخصوص وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ہماری پارٹی خدمات اور وابستگی کو مدنظر رکھتے ہوئے اس اہم منصب کے لیے نامزد کیا، جس پر ہم ان کے تہہ دل سے شکر گزار ہیں۔ ملک اسد اکرم کھوکھر ایڈووکیٹ کی اس اہم ذمہ داری پر اہلِ علاقہ، وکلاء برادری اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے کارکنان کی جانب سے دلی مبارکباد اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 8

موقع پر کرسچن کمیونٹی کی نمائندہ وفد نے چیئرمین پارٹی سے بھی ملاقات کی جن میں پاسٹر سلمان گل۔ ملک سہیل۔ ندیم چیدہ۔ ڈاکٹر شرافت شامل تھے۔ اس موقع پر اور دیگر وفود نے بھی چیئرمین پارٹی خاقان وحید خواجہ سے ملاقات کی جن میں راجہ افتخار ایوب۔ راجہ مشتاق خان۔ نیر اشرف۔ راجہ رزاق۔ صائم احمد اور محمد الیاس شامل تھے۔ پارٹی شمولیت کی تقریب اور نمائندہ وفد سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ خاقان وحید خواجہ نے کہا کہ پارٹی کے منشور کو دیکھ کر لوگ اس میں شامل ہو رہے ہیں۔ یہ قطرہ قطرہ دریا بن رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں سوشل سطح پہ عوامی خدمت کر رہا ہوں اور عوام کی فلاح ہی اصل سیاست ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام خود انتخاب کریں کہ انہوں نے اپنی آئندہ نسل کے لیے کن لوگوں کا چناؤ کرنا ہے۔ کرسچن کمیونٹی اور نمائندہ وفد نے پاکستان عوامی قوت پارٹی کے منشور۔ بیانیے اور سوچ پر اتفاق کیا اور اس کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ابھی تک پاکستان میں کرسچن کمیونٹی کے مسائل حل نہیں کیے گئے۔ اور ہم ابھی تک مختلف پارٹیوں کی طرف دیکھ رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ہم پاکستان عوامی قوت پارٹی کا اثاثہ بنیں گے۔

بقیہ 9

کہ ایوننگ شفٹ کی بندش سے روزمرہ ڈاک کے ساتھ ساتھ سرکاری خطوط، عدالتی دستاویزات، کاروباری مراسلات اور دیگر اہم کاغذات کی بروقت ترسیل بھی متاثر ہو رہی ہے۔ بالخصوص ملازمت پیشہ افراد کے لیے دفتری اوقات کے بعد ڈاک بھیجنے کی سہولت نہ ہونا ایک بڑی مشکل بن چکا ہے۔ شہریوں نے حکومت پاکستان اور پاکستان پوسٹ کی اعلیٰ انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ عوامی مشکلات کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ایوننگ شفٹ بحال کی جائے تاکہ شہریوں کو ڈاک بھیجنے اور وصول کرنے میں سہولت میسر آئے اور ضروری ڈاک کی بروقت ترسیل یقینی بنائی جا سکے۔

بقیہ 10

کے طلبہ و طالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی اس تقریب کے مہمان خصوصی معروف مذہبی اسکالر پیر سید عطاء اللہ شاہ بخاری تھے سیرت النبیؐ کانفرنس کا موضوع "سیرت النبیؐ کی روشنی میں محبت، اخلاق اور عفو و درگذر" تھا اس موقع پر قومی صدر ہمدرد نونہال اسمبلی محترمہ سعدیہ راشد نے اپنے پیغام میں کہا کہ ربیع الاوّل کا بابرکت مہینہ ہمیں اُس عظیم ہستیؐ کی یاد دلاتا ہے جن کی آمد سے دنیا کو ہدایت محبت، رحمت اور انسانیت کا وہ مقام ملا جسکی روشنی آج بھی ہمارے دلوں کو منوّر کر رہی ہے آپؐ کی سیرت ہمارے لئے زندگی کے ہر شعبے میں بہترین نمونہ ہے حضورؐ نے اپنے عمل، کردار و گفتار اور اخلاق سے انسانیت کو محبت، احترام، برداشت، صبر اور عفو و درگذر کا درس دیا ہے ہمارے بچوں اور نوجوانوں کو چاہیے کہ سیرت طیبہ کو اپنا شعار بنائیں حکیم محمد سعید شہید ساری زندگی سیرت النبیؐ پر عمل پیرا رہے پیر سید عطاء اللہ شاہ بخاری نے کہا کہ ہمیں قرآن و سنت اور سیرت النبیؐ کو اپنانا ہوگا ہمارے زوال کی وجہ قرآن و سنت پر عمل نہ کرنا ہے اللہ تعالیٰ نے حضور نبی کریمؐ کو رحمت اللعالمین بنا کر بھیجا ہے آپؐ کی ساری زندگی محبت، اعلیٰ اخلاق اور عفو و درگذر کا نمونہ تھی سیرت النبیؐ کانفرنس میں طلبہ و طالبات نے سیرت طیبہ پر تقاریر کیں جبکہ نعت خوانی کے ساتھ قصیدہ بردہ شریف بھی پیش کیا گیا جبکہ اختتام سے قبل حضور نبی کریمؐ کی شان اقدس میں ہدیہ صلوٰۃ و سلام بھی پیش کیا گیا اس موقع پر ذوئل ہیڈ ہمدرد فاؤنڈیشن راولپنڈی امان اللہ نیازی نے مہمان خصوصی کو خصوصی شیلڈ مہر نبوتؐ پیش کی اور نمایاں کارکردگی والے طلبہ و طالبات میں انعامات تقسیم کئے۔

بقیہ 12

اوپیرا، مگھر ریونیو کے افسران اور متعلقہ ایس ایچ اوز نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران اس بات پر خصوصی زور دیا گیا کہ روایتی عدالتی چارہ جوئی کے بوجھ کو کم کرنے اور باہمی رضامندی سے نزاعات کو نمٹانے کے لیے ڈسٹرکٹ ریزولوشن کمیٹی کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے کمیٹی کے اراکین کو واضح ہدایات جاری کیں کہ وہ عوامی نزاعات کے حل میں مکمل شفافیت، غیر جانبداری اور سرعت کو یقینی بنائیں تاکہ عام شہریوں کو فوری اور آسان انصاف کی فراہمی ممکن ہو سکے۔ اجلاس کے آخر میں زیر التوا کیسز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور تمام متعلقہ محکموں اور کمیٹی کے اراکین کو ہدایت کی گئی کہ وہ باہمی اشتراک اور مؤثر حکمت عملی کے تحت کام کرتے ہوئے عوام کو ریلیف فراہم کریں۔

بقیہ 13

جانتا اور سیکھنا ہر ذی شعور کا حق ہے، جسے ہر صورت پورا کریں گے۔ ہر شہری کی ترقی اور خوشحال کیلئے خواندگی کے مواقع فراہم کرنا حکومت کا فرض اولین ہے۔ افراد، کرہ ارض اور خوشحالی کیلئے خواندگی " کے زیر عنوان منایا جانے والا آج کا دن خصوصی اہمیت کا حامل ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ خواندگی کے فروغ کا ہدف انفرادی، قومی اور عالمی ترجیح مقرر کیے بغیر ممکن نہیں۔ پنجاب میں نوجوان نسل کی ڈیجیٹل خواندگی پر خصوصی توجہ دے کر دور حاضر کے تقاضوں کو نبھانے کیلئے کوشاں ہیں۔ پنجاب میں سکول میل جیسے اختراعی پروگراموں کی وجہ سے پسماندہ علاقوں میں خواندگی کا شعور تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ خواندگی صرف کتاب پڑھنے کا ہی نام نہیں بلکہ دور جدید کے تقاضوں کے مطابق ہنر اور نئی علوم سیکھنا بھی خواندگی میں شمار ہوتا ہے۔ خواندگی کے فروغ کے اہداف پورا کرنے کیلئے معاشرے کے ہر فرد کو بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔

بقیہ 14

رفت قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمان کی ڈیجیٹلائزیشن جدید، شفاف اور ٹیکنالوجی پر مبنی طرز حکمرانی کے لیے حکومت کے عزم کی عکاسی کرتی ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ یہ اقدام عملاً ڈیجیٹل گورننس کی نمائندگی کرتا ہے جو ڈیزائن میں خود مختار، صلاحیت میں مقامی اور ساخت کے اعتبار سے جوابدہ ہے؛ اور ایوان میں کارکردگی کا ہونا صرف انتظامی سہولت ہی نہیں بلکہ جمہوری جوابدہی بھی ہے۔ وفاقی وزیر نے اس اقدام کی قیادت کرنے پر سینیٹ سیکرٹریٹ کی قیادت کو سراہا اور تمام ریاستی اداروں میں ایسے منصوبوں کو قائم رکھنے کے لیے تکنیکی مہارت، بنیادی ڈھانچے اور سیکیورٹی فریم ورک کی فراہمی میں وزارت کے مسلسل تعاون کا اعادہ کیا۔ یہ موبائل ایپلی کیشن سینیٹرز کو اپنے اسمارٹ فونز اور ہینڈ ہیلڈ ڈیوائسز پر براہِ راست قانون سازی کی دستاویزات، ایجنڈا (آرڈر آف دی ڈے)، بلز، قراردادیں، کمیٹی رپورٹس اور دیگر پارلیمانی امور تک رسائی فراہم کرے گی، جس سے کاغذی کارروائی کی ضرورت ختم ہو جائے گی اور قانون سازی کا عمل زیادہ مؤثر بنے گا۔ ایپلی کیشن سینیٹ کے ایجنڈے، بلز، اجلاس کے شیڈول، قانون سازی کی دستاویزات، تحاریک اور کمیٹی کی کارروائیوں کے ڈیجیٹل ذخیرے کے ساتھ ساتھ جاری پارلیمانی امور کے بارے میں بروقت اطلاعات (نوٹیفکیشنز) فراہم کرے گی، جس سے کاغذی عمل پر انحصار میں نمایاں کمی آئے گی۔ سینیٹ کی یہ موبائل ایپلی کیشن ای گورننس کی جانب پاکستان کی وسیع تر کوششوں کا حصہ ہے، جس میں قومی اسمبلی اور متعدد صوبائی اسمبلیوں میں پہلے سے جاری ڈیجیٹلائزیشن کی اقدامات شامل ہیں۔ عمومی اداروں میں ٹیکنالوجی پر مبنی اصلاحات کی ہم آہنگی کے لیے حکومت کی مرکزی وزارت کے طور پر، وزارتِ آئی ٹی اس ایپلی کیشن کے کامیاب نفاذ اور مسلسل بہتری کو یقینی بنانے میں پارلیمان کی معاونت کے عزم کا اعادہ کرتی ہے۔

بقیہ 15

گا جبکہ منصوبوں میں کسی بھی قسم کی کرپشن یا بے ضابطگی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ صفائی کے عمل میں ناقص کارکردگی، غفلت یا سرکاری وسائل کے غلط استعمال کی شکایات پر سخت کارروائی کی جائے گی، ستھرا پنجاب پروگرام میں غفلت یا کرپشن کی شکایت کو ناقابلِ معافی تصور کیا جائے گا۔ خفیہ سروے کے لئے وزیراعلیٰ اسپیکشن ٹیم اور دیگر متعلقہ ذرائع کو بروئے کار لایا جا رہا ہے، سروے کے ذریعے صفائی کے معیار، فیلڈ میں جاری سرگرمیوں اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا جائے گا۔ دوسری جانب ستھرا پنجاب پروگرام کی روزانہ کی بنیاد پر ڈیجیٹل مانیٹرنگ بھی شروع کر دی گئی ہے، جس کے تحت صفائی آپریشن، فیلڈ سرگرمیوں اور منصوبوں پر پیشرفت کا روزانہ جائزہ لیا جائے گا۔ حکومت نے متعلقہ اداروں کو کارکردگی مزید بہتر بنانے اور عوامی شکایات کے فوری ازالے کو یقینی بنانے کی ہدایت کر دی ہے۔

بقیہ 16

جائیں گے۔ ذرائع کے مطابق داہمگل، گیٹ نمبر 1، گیٹ نمبر 5، فارماسیوٹیکل فیکٹری، گورکھپور، نجی ہاسنگ سوسائٹی فیز 8، چکری، ٹھلیاں میں اضافی ناکے لگائے جائیں گے۔ ذرائع کے مطابق اڈیالہ جیل کی سیکیورٹی پر 435 پولیس اہلکار تعینات کیے جائیں گے، رائٹ مینجمنٹ، ضلعی پولیس، ایلیٹ فورس اور ڈولفن فورس کے اہلکار ڈیوٹی انجام دیں گے۔ پولیس ذرائع کے مطابق داہمگل سے گورکھپور تک پیٹرول پمپ، ہوٹل اور دکانیں بند کرائی جائیں گی اور اڈیالہ جیل کے اطراف غیر ضروری نقل و حرکت پر بھی کڑی نظر رکھی جائے گی۔ سیکیورٹی انتظامات کی نگرانی ایس پی صدر اور ڈی ایس پی صدر کریں گے۔

بقیہ 17

لیے نئی انشورنس اسکیم متعارف کرا دی۔ نئی اسکیم کے تحت پہلی بار ایس ایم ای برآمد کنندگان کو بیرون ملک خریداروں سے ملنے والی ادائیگیوں کا تحفظ حاصل ہوگا۔ بیرون ملک خریدار کی جانب سے رقم ادا نہ کیے جانے کی صورت میں برآمد کنندگان کو مالی نقصان سے تحفظ فراہم کیا جائے گا، جس سے چھوٹے کاروباروں کے لیے عالمی منڈی میں نئے خریداروں کے ساتھ کاروبار کرنا نسبتاً آسان ہوگا۔ حکام کے مطابق اسکیم سے ایس ایم ایز بڑے برآمدی آرڈرز حاصل کرنے کے لیے زیادہ اعتماد کے ساتھ آگے بڑھ سکیں گے، جبکہ نئے خریداروں اور عالمی منڈیوں تک رسائی کے امکانات بھی بڑھیں گے۔ برآمد کنندگان کو سہولت فراہم کرنے کے لیے پاک ایگزم کی جانب سے سیالکوٹ اور فیصل آباد میں دفاتر بھی قائم کیے گئے ہیں، جہاں ایس ایم ای برآمد کنندگان کو نئی انشورنس اسکیم کے حوالے سے رہنمائی اور ضروری معلومات فراہم کی جائیں گی۔ اس اسکیم کے تحت پاک ایگزم اور ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ کی جانب سے تقریباً 3 ارب روپے کا رسک پول قائم کیا جائے گا، جبکہ آئی سی آئی سی نئی انشورنس اسکیم کے لیے عالمی معاونت فراہم کرے گا۔ حکام نے کہا کہ نئی اسکیم سے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کی برآمدی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا، کاروباری خطرات میں کمی آئے گی اور انہیں بین الاقوامی منڈیوں میں وسعت دینے کے مواقع میسر آئیں گے۔ حکام کے مطابق ایس ایم ایز کی برآمدات میں اضافے سے پیداوار اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہونے کے ساتھ پاکستان کے لیے قیمتی زرمبادلہ کمانے کی راہ بھی مزید ہموار ہوگی۔

بقیہ 18

بھی کیا۔ صوبائی وزیر نے کینٹین پر عدم صفائی اور گندگی کی وجہ سے متعلقہ ذمہ داران کے خلاف سخت کارروائی کا حکم دیا۔ اس موقع پر سی ای او میو ہسپتال پروفیسر محمد شعیب نبی اور ایم ایس میو ہسپتال ڈاکٹر عبدالمدبر ریحان بھی موجود تھے۔ صوبائی وزیر صحت نے مریضوں اور تیمارداروں کی سہولت کے لئے جگہ کو ہوادار بنانے کی خاطر پنکھے لگانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے مریضوں کے اہل خانہ کے بیٹھنے کے لئے کرسیاں اور بینچز لگانے کی بھی ہدایت کی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے مطابق عوام تک صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں۔ سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔ چاہتے ہیں کہ کسی بھی سرکاری ہسپتال میں آنے والے مریضوں کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ 19

نے بتایا کہ حماد اظہر کو انسداد دہشت گردی عدالت لاہور پیش کر دیا گیا ہے، حماد اظہر نوئسی کے تھانہ سرور روڈ کیس میں مطلوب تھا، اے ٹی سی عدالت نے حماد اظہر کا بیس روزہ جسمانی ریمانڈ دیا ہے۔ جس پر عدالت نے بازیابی کی درخواست نمٹا دی۔ حماد اظہر کی والدہ نے بیرسٹر ابوزر سلیمان خان نیازی کی وساطت سے درخواست دائر کی تھی جس میں آئی جی پنجاب، سی سی پی او سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا تھا۔ درخواست میں استدعا کی گئی تھی کہ حماد اظہر کو بازیاب کروا کہ عدالت پیش کرنے کا حکم دیا جائے، عدالت متعلقہ حکام کو حماد اظہر کی قانون کے مطابق گرفتاری ظاہر کرنے کا حکم دے۔

بقیہ 20

کاروبار کرنے والے تاجر ہیں اور پی ٹی آئی کی جانب سے احتجاج کو اسلام آباد لانے کے اعلان کے باعث وہ اور دیگر شہری متاثر ہو سکتے ہیں۔ چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ درخواست گزار کس طرح متاثرہ فریق ہیں، وکیل نے جواب دیا کہ احتجاج اسلام آباد میں لانے کا منصوبہ ہے، جس سے شہریوں اور کاروباری سرگرمیوں کو مشکلات کا سامنا ہو سکتا ہے۔ درخواست گزار کے وکیل نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے احتجاج سے متعلق مختلف بیانات اور اخباری تراشے عدالت میں پیش کرتے ہوئے کہا کہ متعلقہ افراد کے متعدد معاملات پہلے ہی عدالتوں میں زیر سماعت ہیں ا

کمشنر راولپنڈی کا رنگ روڈ راولپنڈی منصوبے کا تفصیلی دورہ

منصوبے پر جاری کام، پیش رفت اور باقی ماندہ تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا، دورے میں تمام متعلقہ محکموں کے افسران بھی ہمراہ موجود تھے

99 فیصد مین کیریج وے مکمل، کمشنر راولپنڈی سلمان غنی کی باقی ماندہ کام ایک ماہ میں مکمل کرنے کی ہدایت

راولپنڈی (این ا ی این) کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی نے سیکرٹری ہاؤسنگ، اربن ڈویلپمنٹ اینڈ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے ہمراہ رنگ روڈ راولپنڈی منصوبے کا تفصیلی دورہ کیا اور منصوبے پر جاری کام، پیش رفت اور باقی ماندہ تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا۔ دورے میں تمام متعلقہ محکموں کے افسران بھی ہمراہ موجود تھے۔ کمشنر سلمان غنی کو منصوبے پر جاری تعمیراتی کام کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ افسران نے منصوبے کی مجموعی پیش رفت، مکمل شدہ کام اور باقی ماندہ کاموں کے حوالے سے آگاہ کیا۔ کمشنر راولپنڈی ڈویژن (بقیہ نمبر 1)

ایس پی سٹی ڈاکٹر ایاز حسین کی زیر صدارت اہم اجلاس کا انعقاد

کمپیوٹرائزڈ اراضی ریکارڈ میں خسرہ نمبروں کا بکھراؤ اور ڈیٹا میپنگ کا سنگین تضاد

وزیر اعلیٰ پنجاب کی عوام دوست ریونیو پالیسی کو فیلڈ پٹوار عملے کی مبینہ غفلت سے سبوتاژ کرنے کا انکشاف

انفرادی فرد میں خانہ ملکیت غائب رکھنے اور بار بار فردِ بدر کے نام پر چکر لگوانے کے خلاف نوٹس کا مطالبہ

گوجر خان (قمر شہزاد) وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے آراضی ریکارڈ کی کمپیوٹرائزیشن کے ذریعے شہریوں کے لیے آسانیاں پیدا کرنے کے دعووں کو فیلڈ پٹوار عملے کی مبینہ بدنیتی اور غفلت نے شدید متاثر کر دیا ہے، جس کے باعث انفرادی فرد کے پرنٹ آؤٹس میں خانہ ملکیت غائب ہونے اور خسرہ نمبروں کے شدید بکھراؤ سے شہریوں کی اربوں روپے کی جائیدادیں غیر محفوظ ہو چکی ہیں۔ (بقیہ نمبر 3)

محکمہ صحت کے اشتراک سے فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

خواتین، بچوں اور مردوں سمیت دو سو سے زائد مریضوں کا مفت طبی معائنہ

حسن ابدال (این این آئی) حسن ابدال، سیرت کمیٹی کے زیر اہتمام محکمہ صحت کے اشتراک سے فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ خواتین، بچوں اور مردوں سمیت دو سو سے زائد مریضوں کا مفت طبی معائنہ کیا گیا۔ مریضوں کو مفت ادویات کی فراہمی کے ساتھ خواتین کے لیے مفت الٹراساؤنڈ کی سہولت بھی فراہم کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق حسن ابدال (بقیہ نمبر 3 2)

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اسلام آباد پولیس کے جدید کمانڈ، کنٹرول، کمیونیکیشن اینڈ کوآرڈینیشن سینٹر کے افتتاح کے بعد دعا مانگ رہے ہیں

شراب سپلائر گرفتار، 16 بوتلیں شراب برآمد

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ سول لائنز پولیس نے ایک کارروائی کے دوران شراب سپلائر گرفتار کر کے 16 بوتلیں شراب برآمد کر لیں۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سول لائنز پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے شراب سپلائر کو گرفتار کر لیا، زیر حراست فرد سے 16 بوتلیں شراب برآمد ہوئیں، سول لائنز پولیس نے مقدمہ درج کر کے گرفتار کر لیا، ایس پی (بقیہ نمبر 3 3)

چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) نیو ٹاؤن پولیس نے ایک کارروائی کے دوران چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق نیو ٹاؤن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کر لیا، اشتہاری سال 2021 سے پولیس کو مطلوب تھا، نیو ٹاؤن پولیس نے ہیومین انٹیلی جنس سمیت تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے اشتہاری کو گرفتار کیا، ایس پی راول بیدار (بقیہ نمبر 3 4)

آئی جی اسلام آباد کا پاک بحریہ کے شہداء اور غازیوں کو سلام

پاک بحریہ کے بہادر جوانوں نے ملکی سلامتی کے لیے لازوال قربانیاں دیں

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے پاک بحریہ کے شہداء اور غازیوں کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاک بحریہ کے بہادر جوانوں نے وطنِ عزیز کی سمندری سرحدوں کے دفاع اور ملکی سلامتی کے لیے لازوال قربانیاں دیں۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے 8 ستمبر یوم (بقیہ نمبر 4 3)

موٹر سائیکل سوار 2 ڈاکوؤں کی پولیس پارٹی پر فائرنگ

فائرنگ کے دوران انتہائی مطلوب بین الاضلاعی گینگ کا رکن زخمی حالت میں گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ نیو ٹاؤن کے علاقہ میں موٹر سائیکل سوار 2 ڈاکوؤں نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کر دی، فائرنگ کے دوران انتہائی مطلوب بین الاضلاعی گینگ کا رکن زخمی حالت میں گرفتار کر لئے گئے جن کے قبضہ سے اسلحہ اور مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ نیو ٹاؤن کے علاقہ میں موٹر سائیکل سوار 2 ڈاکوؤں کی پولیس پارٹی پر فائرنگ، فائرنگ کے دوران انتہائی مطلوب بین الاضلاعی گینگ کے (بقیہ نمبر 4 4)

لاہور، مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب برائے اے آئی و خصوصی اقدامات علی ڈار سے گیٹس فاؤنڈیشن کا اعلیٰ سطحی وفد ملاقات کر رہا ہے

ساہیوال، آپریشن بلا امتیاز جاری رکھا جائے گا، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ

ساہیوال (آئی آئی پی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ عدنان رشید نے کہا ہے کہ شہر کو تجاوزات سے پاک کرنے کے لیے آپریشن بلا امتیاز جاری رکھا جائے گا اور غیر قانونی تجاوزات کے خاتمے کا دائرہ کار مزید وسیع کرتے ہوئے سرکاری اراضی اور سڑکوں پر قائم تجاوزات کسی صورت برداشت نہیں کی جائیں گی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ عدنان رشید اور ایس ڈی او پیر انعمان قیصر کی سربراہی میں فتح شیر کالونی میں جہانگیر (بقیہ نمبر 4 7)

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ظالمانہ اضافہ واپس لیا جائے، سلمان اکرم

اسلام آباد (آئی آئی پی) پاکستان تحریکِ انصاف کے جنرل سیکریٹری سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ حکومت نے پیٹرول مہنگا کر کے عوام کے ہوش اڑا دیئے ہیں۔ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ظالمانہ اضافہ فوری واپس لیا جائے۔ ایک بیان میں سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ ڈیزل کی قیمت میں 3 روپے 72 پیسے اضافہ معاشی ڈھونگ ہے، پیٹرول اور ڈیزل مہنگا ہونے سے اشیائے خورونوش اور ترسیلی اخراجات بڑھیں گے۔ حکومت کی (بقیہ نمبر 5 0)

جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کیلئے موثر کریک ڈاون جاری

مجرمان اشتہاریوں سمیت 19 جرائم پیشہ عناصر گرفتار، منشیات اور اسلحہ برآمد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس کے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کیلئے جاری کریک ڈاون کے دوران سنگین جرائم میں ملوث عدالتی مفروران اور مجرمان اشتہاریوں سمیت 19 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر لیا گیا۔ ملزمان کے قبضہ سے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد۔ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج۔ مزید تفتیش جاری (بقیہ نمبر 4 8)

ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا

وردی اور اختیارات کا ناجائز استعمال کسی صورت قابلِ قبول نہیں ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا، تعارفی اجلاس میں پولیسنگ، شہریوں کے تحفظ اور جرائم کے خلاف موثر کارروائیوں پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایت کر دی۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد علی وسیم نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا، پولیس کے اعلیٰ افسران کے تعارفی اجلاس کی صدارت کی، جس میں ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا، ایس (بقیہ نمبر 4 9)

سمندری حدود کے نگہبانوں کو سلام، پاک بحریہ کا علاقائی امن میں اہم کردار ہے، صدر زرداری

آپریشن سومنا تھ پاک بحریہ کی بہادری اور عزم کی علامت ہے، یوم بحریہ پر صدر مملکت کا شہدا و غازیوں کو خراج عقیدت پیش

پاک بحریہ آئندہ بھی بہادری، وقار اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ ملکی سمندری حدود اور قومی بحری مفادات کا تحفظ جاری رکھے گی

چیف ٹریفک آفیسر کائنات اظہر خان اہم اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

کراچی (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے یوم بحریہ کے موقع پر پاک بحریہ کے افسران، سیلرز، سویلینز، شہدا اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاک بحریہ ملکی سمندری مفادات کے تحفظ کے ساتھ علاقائی امن کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ ملک بھر میں 8 ستمبر کو یوم بحریہ منایا گیا، جس کا مقصد پاک بحریہ کے شہدا اور غازیوں کی قربانیوں اور کارناموں کو خراج عقیدت پیش کرنا ہے۔ جنگ ستمبر 1965ء کے دوران پاک بحریہ نے اپنی پیشہ ورانہ (بقیہ نمبر 5 1)

سی ٹی او کائنات اظہر خان کی زیر صدارت اہم اجلاس

سڑکوں پر محفوظ سفر کو یقینی بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں

اسلام آباد (این ای این) چیف ٹریفک آفیسر کائنات اظہر خان کی زیر صدارت اہم اجلاس، ایس پی ٹریفک اور تمام زونل ڈی ایس پیز نے شرکت کی۔ اجلاس میں ٹریفک کی روانی، شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات، ٹریفک قوانین پر مؤثر عملدرآمد اور فیلڈ میں افسران کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ چیف ٹریفک آفیسر نے افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی، ٹریفک نظم و ضبط میں بہتری اور سڑکوں پر محفوظ سفر کو یقینی بنانے (بقیہ نمبر 5 2)

روس اور یوکرین کے پھر ایک دوسرے کے خلاف حملے شروع

کیف (آئی آئی پی) روس اور یوکرین نے 3 روز کے وقفے کے بعد ایک بار پھر ایک دوسرے کے خلاف حملے شروع کر دیئے ہیں۔ یوکرینی دارالحکومت کیف پر کیے گئے روسی ڈرونز اور میزائل حملوں میں 2 افراد ہلاک اور 10 زخمی ہو گئے۔ یوکرینی فضائیہ کے مطابق اس نے 142 ڈرونز، 32 میں سے 31 کروز میزائل اور 2 بیلسٹک میزائل مار گرائے۔ روسی وزارت دفاع کے مطابق کیف (بقیہ نمبر 5 3)

اسلام آباد پولیس کا مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومنگ آپریشنز

سرچ آپریشنز کے دوران 217 افراد، 120 گھروں، 23 دکانیں کی چیکنگ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومنگ آپریشنز کے دوران 217 افراد، 120 گھروں، 23 دکانیں، پانچ ہوٹل، 59 موٹر سائیکلوں اور 34 گاڑیوں کو چیک کیا گیا جبکہ جانچ پڑتال کیلئے چار مشکوک افراد، 34 موٹر سائیکلوں اور 16 گاڑیوں کو مختلف تھانہ جات منتقل بھی کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی (بقیہ نمبر 5 4)

فرینڈز آف پولیس پروگرام کے تحت بحریہ یونیورسٹی اسلام آباد کے طلبہ کا پولیس خدمت مرکز F-6 کا دورہ

فائرنگ سے سابق ویلج چیئرمین بھائی سمیت جاں بحق

مالاکنڈ (این این آئی) خیبر پختونخوا کے علاقے مالاکنڈ میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے سابق ویلج چیئرمین اور اس کے بھائی کو قتل کر دیا۔ لیویز حکام کے مطابق خونریزی کا واقعہ مکنی طوطہ کان میں پیش آیا جہاں مسلح افراد نے فائرنگ کر کے دونوں بھائیوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔ حکام کے مطابق واقعہ کی اطلاع ملنے پر لیویز اہلکار موقع پر پہنچے جنہوں نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کر کے دونوں مقتولین کی لاشیں مقامی ہسپتال اپنی نگرانی میں منتقل کرائیں۔

قدیمی قبرستان لالہ زار ڈھیری حسن آباد میں صفائی کا مسئلہ

گھاس اور جھاڑیوں کی بھرمار، قبروں تک رسائی میں شہریوں کو مشکلات

اہل علاقہ کا صفائی کا مؤثر اور مستقل نظام بنانے کا مطالبہ

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) قدیمی قبرستان لالہ زار ڈھیری حسن آباد میں گھاس، جڑی بوٹیوں اور خودرو پودوں کی بھرمار کے باعث شہریوں کو اپنے پیاروں کی قبروں تک پہنچنے میں مشکلات کا سامنا ہے۔ قبرستان کے مختلف حصوں میں بلند گھاس اور جھاڑیوں کے باعث بعض قبریں بھی نمایاں طور پر چھپ گئی ہیں، جبکہ متعدد مقامات پر راستے متاثر ہوئے ہیں۔ اہل علاقہ کا کہنا ہے کہ قبرستان کی صفائی باقاعدگی سے ہونا ضروری ہے تاکہ شہری آسانی سے اپنے مرحومین کی قبروں پر فاتحہ خوانی کے لیے پہنچ سکیں۔ شہریوں نے متعلقہ انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ قبرستان کا موقع پر معائنہ کروا کر گھاس، جڑی بوٹیوں اور جھاڑیوں کی صفائی کرائی جائے اور آئندہ کے لیے باقاعدہ صفائی کا شیڈول بھی مرتب کیا جائے۔ (بقیہ نمبر 4)

مبینہ جعلی پیر پر شادی شدہ خاتون سے زیادتی کا سنگین الزام

خاتون کو آستانے پر مبینہ زیادتی کا نشانہ بنانے کا دعویٰ، مقدمہ درج

چوآ سیدن شاہ (خاور شہزاد) چوآ سیدن شاہ ڈھڈیال سے تعلق رکھنے والی شادی شدہ خاتون مبینہ طور پر دم اور تعویذ لینے چوآ سیدن شاہ میں ایک پیر کے پاس پہنچی، جہاں دم کرنے اور تعویذ دینے کے بعد پیر نے اسے مبینہ زیادتی کا نشانہ بنایا۔ متاثرہ خاتون کے مطابق وہ اس سے قبل بھی دو مرتبہ مذکورہ پیر سے دم کروانے آ چکی تھی۔ خاتون کی درخواست پر چوآ سیدن شاہ پولیس نے نامزد پیر کے خلاف مقدمہ درج کر کے واقعہ کی مزید تفتیش شروع کر دی۔

ایس پی ہیڈ کوارٹر پری گل ترین کے اہل خانہ سے ملاقات کر رہی ہیں

پری گل ترین کا محمد محفوظ شہید کے مزار پر حاضری

فاتحہ خوانی کی اور سلامی پیش کی، بعد ازاں شہید کے اہل خانہ سے ملاقات کی

اسلام آباد (این ای این) یوم دفاع پاکستان کے موقع پر ایس پی ہیڈ کوارٹرز پری گل ترین نے لانس نائیک محمد محفوظ شہید (نشان حیدر) کے مزار پر حاضری دی، پھول چڑھائے، فاتحہ خوانی کی اور سلامی پیش کی۔ بعد ازاں شہید کے اہل خانہ سے ملاقات کی، خیریت دریافت کی اور بچوں میں تحائف تقسیم کیے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ لانس نائیک محمد محفوظ شہید سمیت وطن کے دفاع کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء اور غازیوں (بقیہ نمبر 4 5)

نارووال، کمشنر گوجرانوالہ محمد علی ڈسٹرکٹ ہسپتال میں ڈسپنسری کا معائنہ کر رہے ہیں

راولپنڈی، ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ کی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات کے فوری ازالے کے احکامات جاری کئے

راولپنڈی (این این آئی) ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ کی زیر صدارت پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جہاں انہوں نے شہریوں کی شکایات سنیں اور ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ ایس پی سکیورٹی نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ مارک کردہ درخواستوں پر دیے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی یقینی بنائی جائے۔ شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ تھانوں میں شہریوں کے لیے بہترین سروس ڈیلیوری ہر وقت یقینی بنائی جائے۔

زیر تفتیش مقدمات کے چالان عدالتوں میں جمع کرائے جائیں

گواہان کی حاضری یقینی بنائی جائے، ایس ایس پی انوسٹی گیشن

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی انوسٹیگیشن سیف اللہ کی زیر صدارت پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں میٹنگ منعقد ہوئی، جس میں ڈی ایس پی لیگل سمیت تھانوں کے محرران، تعیلی اسٹاف اور نائب کورٹس نے شرکت کی۔ ایس ایس پی انوسٹیگیشن نے میٹنگ کے دوران کارکردگی کا جائزہ لیا اور افسران و اہلکاروں کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ ایس ایس پی انوسٹیگیشن سیف اللہ نے کہا کہ زیر تفتیش مقدمات کو جلد از (بقیہ نمبر 4 6)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

جنوبی پنجاب سے متعلق پنجاب اسمبلی کی قراردادیں غیر موثر ہو چکیں، رانا ثنا اللہ

عوامی ریفرنڈم آئین کے مطابق یا پارلیمنٹ کی منظوری سے ہی ممکن ہوگا

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ جنوبی پنجاب اور بہاولپور سے متعلق پنجاب اسمبلی کی قراردادیں 10 سال پرانی ہونے کے باعث اب غیر موثر ہو چکی ہیں، اگر کسی اسمبلی کی مدت کے دوران کسی قرارداد پر (بقیہ نمبر 3 5)

5 افراد گرفتار، چرس، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی جاری کارروائیوں کے دوان 5 افراد کو حراست میں لے کر چرس، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 5 افراد کو حراست میں لے کر 1 کلو 622 گرام چرس، 20 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، زیر حراست افراد کے (بقیہ نمبر 3 7)

گیٹس فاؤنڈیشن کے اعلیٰ سطحی وفد کا آفس آف اے آئی پنجاب کا دورہ

اے آئی، ٹیکنالوجی اور ترقی کے شعبوں میں طویل مدتی شراکت داری پر تبادلہ خیال

لاہور (این این آئی) گیٹس فاؤنڈیشن کے اعلیٰ سطحی وفد نے آفس آف اے آئی پنجاب کا دورہ کیا، جہاں مصنوعی ذہانت، ٹیکنالوجی اور پبلک سیکٹر میں اے آئی کے عملی استعمال سمیت مختلف شعبوں میں تعاون اور طویل مدتی شراکت داری کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد کی قیادت گیٹس فاؤنڈیشن کی صدر جینڈر ایکویٹی ڈویژن انیتا زیدی اور (بقیہ نمبر 3 6)

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اسلام آباد پولیس کے جدید کمانڈ، کنٹرول، کمیونیکیشن اینڈ کوآرڈینیشن سینٹر کے افتتاحی موقع پر اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جدید کمانڈ کنٹرول، کمیونیکیشن اینڈ کوآرڈینیشن سینٹر کا افتتاح

جدید سینٹر سے اسلام آباد پولیس کی کمانڈ، مانیٹرنگ، کوآرڈینیشن اور فوری فیصلہ سازی کے نظام میں نمایاں بہتری آئے گی

کسی بھی واقعے یا ہنگامی صورتحال میں بروقت معلومات، فوری فیصلہ سازی اور تیز رفتار پولیس رسپانس ممکن ہوگا، وزیر داخلہ محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اسلام آباد پولیس کے جدید کمانڈ، کنٹرول، کمیونیکیشن اینڈ کوآرڈینیشن سینٹر کا افتتاح کر دیا، نئے کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر سے آئی جی اسلام آباد اپنے دفتر سے سیف سٹی، پولیس آپریشنز اور شہر میں امن و امان کی صورتحال کو براہِ راست مانیٹر اور کمانڈ کر سکیں گے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ اس (بقیہ نمبر 3 8)

ڈی پی او چکوال کی زیر نگرانی کھلی کچہریوں کا انعقاد جاری

کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی درخواستیں اور شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر سنا گیا

چکوال (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کاشف ذوالفقار کی زیر نگرانی شہریوں کو فوری و معیاری انصاف کی فراہمی، پولیس سروسز کے معیار میں مزید بہتری اور عوامی مسائل کے بروقت ازالے کے لیے روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہریوں کا انعقاد جاری ہے۔ کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی درخواستیں اور شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر سنا گیا اور ان کے مسائل کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی ضروری ہدایات جاری کی گئیں۔ (بقیہ نمبر 3 9)

تھانہ ریس کورس پولیس کی کارروائی، جعلی کرنسی نوٹ رکھنے والا شخص گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ ریس کورس پولیس نے ایک کارروائی کے دوران جعلی کرنسی نوٹ رکھنے والا شخص گرفتار کر لیا گیا جس کے قبضے سے جعلی کرنسی برآمد کر لی گئی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ ریس کورس پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے جعلی نوٹ رکھنے والے شخص کو گرفتار کر کے جعلی کرنسی برآمد کر لی، متن مقدمہ کے مطابق ریس کورس پولیس کو دوران (بقیہ نمبر 4 0)

قاضی علی رضا کا تھانہ شالیمار اور کیپیٹل پٹرول یونٹ ہیڈ کوارٹرز کا دورہ

تعمیراتی کام کو مقررہ مدت کے اندر اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کرنے کے احکامات

اسلام آباد (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے تھانہ شالیمار اور کیپیٹل پٹرول یونٹ ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کے دوران افسران کو تعمیراتی کام کو مقررہ مدت کے اندر اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کرنے کے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے تھانہ شالیمار اور کیپیٹل پٹرول یونٹ ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کیا، انہوں نے جاری تعمیراتی کام اور منصوبے پر (بقیہ نمبر 4 1)

معمولی تلخ کلامی پر خنجر کے وار سے شہری کو زخمی کرنے والا شخص گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) گنجمنڈی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے معمولی تلخ کلامی پر خنجر کے وار سے شہری کو زخمی کرنے والے شخص کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق گنجمنڈی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے معمولی تلخ کلامی پر خنجر کے وار سے شہری کو زخمی کرنے والے شخص کو گرفتار کر لیا، گنجمنڈی پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا، زیر حراست شخص کے ایک ساتھی کو قبل ازیں گرفتار کیا جا چکا ہے، ایس پی راول بیدار بخت گوندل کا کہنا تھا کہ زیر حراست شخص کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا۔

پاکستانی معیشت مستحکم، ہرمز بحران کے جھٹکے برداشت کر سکتی ہے، موڈیز

معاشی بہتری کی وجہ گزشتہ 2 برس کے دوران حاصل ہونے والی زیادہ مضبوط معاشی استحکام اور لچک ہے

اسلام آباد (این این آئی) موڈیز نے کہا ہے کہ پاکستانی معیشت مستحکم ہے اور ہرمز بحران کے جھٹکے برداشت کر سکتی ہے۔ بین الاقوامی کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی موڈیز کی رپورٹ کے مطابق پاکستان کی معیشت آبنائے ہرمز سے پیدا ہونے والے موجودہ بحران کے جھٹکے کو 2022 کے تیل کے بحران کے مقابلے میں زیادہ بہتر طور پر برداشت کرنے کی (بقیہ نمبر 4 2)

ریونیو دفتر گوجر خان سائلین کیلئے اذیت گاہ بن گیا

عملہ مبینہ طور پر غائب، شہری خوار، مہنگائی میں بھاری کرائے دے کر آنے والے سائلین دفاتر کے چکر کاٹ کر خالی ہاتھ لوٹنے لگے

نائب تحصیلدار کی مبینہ مسلسل غیر حاضری، پٹواریوں کی عدم دستیابی کی شکایات کمشنر و ڈپٹی کمشنر سے نوٹس لینے کا مطالبہ

گوجر خان (قمر شہزاد) وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے شہریوں کو بنیادی سہولیات ایک چھت تلے فراہم کرنے اور سرکاری اداروں میں عوام کو ریلیف دینے کے ویژن کے برعکس گوجر خان میں محکمہ ریونیو کی مبینہ ناقص کارکردگی نے سائلین کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ شہری حلقوں نے محکمہ ریونیو کے معاملات پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مہنگائی کے اس کمر توڑ دور میں غریب شہری بھاری کرائے خرچ کر کے اپنے جائز کاموں کے لیے سرکاری دفاتر کا رخ کرتے ہیں، مگر وہاں متعلقہ عملہ دستیاب نہ ہو تو (بقیہ نمبر 2)

سابق شوہر کی فائرنگ سے سابقہ بیوی زخمی، نوجوان جاں بحق

بہاولنگر (این این آئی) جھلن آرائیاں کے قریب سکو بودلہ میں سابق شوہر کی فائرنگ سے نوجوان جاں بحق جبکہ سابقہ بیوی زخمی ہو گئی۔ تفصیل کے مطابق منصب علی نے اپنی سابقہ بیوی اور اسکے شوہر لیاقت علی پر حملہ کر دیا اور فائرنگ کر دی جسکے نتیجے میں لیاقت علی موقع پر جاں بحق جبکہ اسکی سابقہ بیوی ارم شدید زخمی ہو گئی، پولیس نے لاش اور زخمی خاتون کو ڈسٹرکٹ ہسپتال منتقل کر دیا۔ تھانہ صدر پولیس نے لاش کو اپنی تحویل میں لے کر کارروائی کا آغاز کر دیا۔

ڈی آئی جی ٹریفک/ڈی جی سیف سٹی محمد ہارون جوئیہ دوران ڈیوٹی گاڑی کی ٹکر سے شدید زخمی ہونے والے پولیس افسر کی عیادت کر رہے ہیں

پاکستان چاروں صوبوں کے ساتھ ہمیشہ قائم و دائم رہے گا، مراد علی شاہ

نئے صوبے نہیں بن سکتے، سندھ پاکستان بنانے والے بانی صوبوں میں شامل ہے، کراچی ملک کا معاشی مرکز اور روشن ستارہ ہے

اگر پاکستان، سندھ یا کراچی کی طرف بری نظر سے دیکھا گیا تو بھرپور جواب دیں گے، وزیر اعلیٰ سندھ

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے نئے صوبوں کے قیام کی مخالفت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اپنے چاروں صوبوں کے ساتھ ہمیشہ قائم و دائم رہے گا، سندھ پاکستان بنانے والے بانی صوبوں میں شامل ہے اور ملک کی سلامتی و یکجہتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ متحد قوم اور مضبوط مسلح افواج کے ہوتے ہوئے پاکستان کو کوئی خطرہ نہیں، اگر پاکستان، سندھ یا کراچی کی طرف کسی نے بری نظر سے دیکھا تو بھرپور جواب دیا جائے گا۔ کراچی میں ''سلام (بقیہ نمبر 5 6)

کے ایم سی ہیڈ آفس میں آتشزدگی، میئر کراچی کا دفتر مکمل جل گیا

کچن سے بھڑکنے والی آگ نے میئر آفس کے پورے حصے کو لپیٹ میں لے لیا

کراچی (این این آئی) ایم اے جناح روڈ پر واقع بلدیہ عظمیٰ کراچی (کے ایم سی) کے ہیڈ آفس میں آتشزدگی کے نتیجے میں میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب کا دفتر مکمل طور پر جل گیا، تاہم واقعے میں کسی قسم کا جانی نقصان نہیں ہوا۔ ریسکیو اور فائر بریگیڈ حکام کے مطابق آگ میئر کراچی کے دفتر سے متصل کچن میں لگی، جس نے دیکھتے ہی دیکھتے دفتر کے پورے حصے کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ حکام کے مطابق ک